تار کا پتہ: میڈیسن - لاہور ٹیلیفون نمبر ۴۳۲۶

# مجربات

## دواخانہ حکیم اجمل خاں

پوسٹ بکس ۲۰۹ - ریلوے روڈ، لاہور

شاخیں

بندر روڈ کراچی

گھنٹہ گھر پشاور

(اردو پریس ۸۸ میکلوڈ روڈ لاہور)

لاہور پاکستان

# شرائطِ کاروبار

60660

۱ دوائیں بذریعہ وی۔پی پارسل بھیجی جاتی ہیں۔ اگر کوئی خریدار دواؤں کی پوری قیمت مع محصول ڈاک پیکنگ پیشگی روانہ کرے تو اُسے پیڈ پارسل کے ذریعے بھیجی جاتی ہیں۔

۲ زیادہ وزنی پارسل سواری گاڑی/مال گاڑی/یا گڈز ٹرانسپورٹ کے ذریعے بھی بھیجا جاتا ہے۔ تاکہ خریدار کو کفایت رہے۔

۳ زیادہ قیمتی اور وزنی پارسل کم از کم ¼ رقم پیشگی وصول ہونے کے بعد بھیجا جاتا ہے۔

۴ محصول، پارسل اور پیکنگ کا خرچ ہر حال میں صاحبِ فرمائش کے ذمے ہوتا ہے۔

۵ تمام پارسل ذمہ دار منتظمین کی نگرانی میں احتیاط اور مضبوطی سے پیک کرکے روانہ کئے جاتے ہیں۔ راستے کی ٹوٹ پھوٹ کا دواخانہ کسی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوتا۔

۶ مرض پیچیدہ ہو یا آپ خود کوئی دوا منتخب نہ کرسکیں تو مرض کی پوری تفصیل لکھ کر بھیج دیجئے تاکہ آپ کے لیے دوائیں تجویز کردی جائیں۔ خط میں اس بات کی وضاحت ضرور فرما دیجئے کہ آپ کی تجویز شدہ دوائیں بذریعہ وی پی ارسال کردی جائیں یا پہلے تجویز سے اطلاع دی جائے۔ مطمئن رہیئے، آپ کی خط وکتابت صیغۂ راز میں رکھی جائے گی۔

۷ ہر قسم کی شکایت پارسل وصول ہونے کے فوراً بعد کیجیے۔ تاکہ جائز شکایت کی مناسب تلافی کی جاسکے۔

۸ خواہش مند کاروباری حضرات شرائط نامہ کمیشن طلب فرما سکتے ہیں۔

۹ خط وکتابت کرتے وقت گذشتہ خط کے نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے۔ خط میں نام اور پتہ خوشخط تحریر کیجئے۔ ڈاک خانہ کا نام اور ریلوے اسٹیشن ضرور لکھیے۔

۱۰ اگر آپ اپنا کوئی مرکب نسخہ یا ایسی دوا جو اس فہرست میں موجود نہیں تیار کرانا چاہتے ہیں تو ہمیں لکھیے۔ ہم نہایت واجبی نرخ پر آپ کے نسخے کے مطابق دوا تیار کرکے ارسال کردیں گے۔

**مینیجر** — دواخانہ حکیم اجمل خاں۔ ریلوے روڈ لاہور

Marfat.com

# دواخانہ حکیم اجمل خاں

حکیم اجمل خاں —— یہ نام نامی زندہ بھی ہے اور پائندہ بھی۔ اس سے برصغیر کی سیاسی و ملی جد و جہد اور اصلاح و تجدید فن کی اہم تاریخ وابستہ ہے۔ ہندوستان کی سرزمین پر طبیہ کالج دہلی اور ہندوستانی دواخانہ دہلی۔ ہمیشہ اجمل اعظم کی پُرخلوص فنی مساعی کی یاد دلاتے رہیں گے۔

آزادی کے بعد —— اجمل اعظم سے روحانی تعلق و عقیدت رکھنے والے ہزارہا افراد نے خواہش ظاہر کی کہ طبیہ کالج دہلی کی طرح پاکستان میں بھی ایک عظیم طبی درسگاہ قائم ہو جو حکومت کی دست نگر ہونے کے بجائے ایک دواخانے کی وساطت سے اپنے اخراجات پورے کرے۔ اس سے متاثر ہو کر اجمل اعظم کے پوتے اور عالیجناب مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب رئیس اعظم دہلی کے صاحبزادے جناب حکیم محمد نبی خاں صاحب جمال سویدا پاکستان تشریف لے آئے اور ۱۰ جون ۱۹۴۸ء کو لاہور میں انہی عزائم کے ساتھ دواخانہ حکیم اجمل خاں کی بنیاد رکھی۔ بلاشبہ آج صرف یہی ادارہ اجمل اعظم کے خاندانی مجربات کا واحد پاسبان ہے۔

دواخانہ حکیم اجمل خاں صرف دوا سازی تک محدود نہیں، بلکہ دار التشخیص، دار العلاج، دار الاشاعت اور دار التحقیق بھی ہے۔ یہاں اس کے چند اہم شعبوں کا ایک سرسری جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

**مجلس تشخیص و تجویز** —— یہاں دور افتادہ مقامات سے مریض حالات لکھ کر بھیجتے ہیں، طبیبوں کا بورڈ جناب حکیم محمد نبی خاں صاحب جمال سویدا کی صدارت میں ان کے حالات کا مطالعہ کرتا ہے اور مناسب دوا تجویز کر کے کسی فیس وغیرہ کے بغیر مریض کو بذریعہ خط اطلاع دے دیتا ہے۔ اس طرح دور دراز مقامات کے لوگ گھر بیٹھے بہترین طبی مشورے سے مستفید ہو رہے ہیں۔

**زنانہ و مردانہ مطب** —— یہ دواخانہ کی عمارت واقع امرت دھارا بلڈنگ بیڈن روڈ لاہور میں قائم ہے۔ یہاں ایک باکمال اور مستند طبیب اور ایک مستند تجربہ کار طبیبہ قابلہ دواخانہ کے اوقات میں بالمشافہ طبی مشورہ دیتے ہیں۔

Marfat.com

**ریسرچ انسٹی ٹیوٹ** — یہاں یونانی مرکبات میں کئی بنیادی اور اختراعی تبدیلیاں کی جا چکی ہیں۔ بہت سی ادویہ کے اجزائے عامل حاصل کر کے انھیں خوشنما دانوں، خیساندوں اور معجونوں وغیرہ کے بجائے کم مقدار گولیوں، قرصوں، سفوفوں یا ٹکیاں کی شکل میں بدل دیا گیا ہے۔ موجودہ نئے تقاضوں کے مطابق سینکڑوں کامیاب مجربات و مرکبات کا اضافہ کیا جا چکا ہے۔ جو بے حد مقبول ہو رہے ہیں۔

**شعبۂ نشر و اشاعت** — یہ شعبہ مفید طبی کتابوں کی ترتیب، ترجمہ اور اشاعت کے لیے وقف ہے۔ معالجات کی مشہور کتاب حاذق، سیرت اجمل، کتاب سل و دق، رسالہ چیچک، رموز الحکمت اور طب جیبیہ اپنے اپنے موضوع پر بہترین انقلاب آفریں تصانیف ہیں۔ علاوہ ازیں بعض نایاب قدیم کتابوں کے تراجم اور مسودے شائع کرنے کا پروگرام بھی زیر غور ہے۔ وقتاً فوقتاً مفید معلوماتی رسالے بھی شائع کئے جاتے ہیں۔ جن میں نہایت آسان زبان میں مختلف امراض کی ماہیت، اسباب، علامات، تشخیص، علاج، تدابیر حفظ ماتقدم اور پرہیز وغیرہ درج ہوتا ہے۔

**شعبۂ دوا سازی** — اس دواخانے کے قیام کا بنیادی مقصد اجمل اعظم کی یادگار قائم کرنا اور اس کے اخراجات کو پورا کرنا ہے، تجارت و نفع اندوزی نہیں۔ اس لیے اس کی تمام دوائیں بہترین اور پاک ہوتی ہیں۔ شعبۂ دوا سازی کی نگرانی جناب حکیم محمد نبی خاں صاحب یوسفی خود فرماتے ہیں۔ مشک، عنبر، زعفران اور قیمتی جواہرات وغیرہ آپ ہی کی زیر نگرانی مرکبات میں شامل کئے جاتے ہیں۔

**شاندار پیکنگ** — دواخانہ حکیم اجمل خاں نے اپنے تمام مخصوص مرکبات کی نہایت شاندار اور قیمتی پیکنگ کر دی ہے تاکہ یونانی دوائیں بھی ایلوپیتھک ادویہ کی طرح مقبول خاص و عام ہو سکیں۔ نظر نواز اور دلفریب ہونے کے علاوہ یہ طریقہ خود دواؤں کو بہتر حالت میں رکھنے میں بھی معاون ہوتا ہے۔

**گذارش** — اجمل اعظم کے مشن کے مطابق یہ ادارہ موجودہ حالت میں اپنے مختلف شعبوں پر زر کثیر صرف کر کے عوام اور فن کی خدمت کر رہا ہے اور ایک بہت بڑے فنی و تعلیمی ادارے کے قیام کا عزم رکھتا ہے۔ موجودہ تھوڑا گرانی کے زمانے میں یہ دونوں کام عوام و خواص کی سرپرستی ہی سے نبھائے جا سکتے ہیں۔ آپ کی سہولت کے لیے یہ فہرست دواخانہ مرتب کر دی گئی ہے۔ یونانی مرکبات اور اجمل اعظم کے خاندانی مجربات کے سلسلے میں ان سے مدد لیجئے اور براہ راست ہم سے طلب کیجئے۔ چند پڑھے لکھے آدمیوں کے ایسے پتے بھیجئے جن کو یہ فہرست روانہ کی جائے۔

خادم خلق و فن
مینیجر

Marfat.com

# اشاریہ

زیرِ نظر فہرست ابجد کے لحاظ سے مرتب کی گئی ہے۔ اشاریہ میں ہر مرض کی علیحدہ علیحدہ دوائیں لکھ دی ہیں تاکہ جس مرض کی دوا مطلوب ہو آپ آسانی کے ساتھ نکال سکیں۔

## جنرل ٹانک

الماس کیمیاوی۔ جواہر مہرہ۔ حب جواہر۔ حب خاص بڑے حکیم صاحب والی۔ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا عرق ماء اللحم خاص اجملی۔ عرق عنبر۔ کشتہ طلا کلاں۔ کشتہ طلا اعظم۔ کشتہ نقرہ جدید۔ معجون طلا اجملی۔

## مردوں کے مخصوص امراض کی دوائیں

مردانہ کمزوری :۔ الماس کیمیاوی حب خاص بڑے حکیم صاحب والی۔ حب عنبر مومیائی اجملی عرق ماء اللحم خاص اجملی۔ کشتہ طلا اعظم۔ جوب کبیر اجملی۔ معجون مقوی وممسک۔ طلاء عنبر اکبر۔ طلاء مسیحی طلاء معظم۔ طلاء مقوی۔ معجون طلا اجملی۔

جریان :۔ جبیلان۔ قرص جریان کشتہ قمعی۔ معجون مغلظ جواہر والی۔

احتلام :۔ قرص عجیب اخراج۔ طلاء محذر۔

جماع کے لئے :۔ تکمید شریفی، طلاء عجیب۔

امساک کی کمی۔ سرعت۔ ذکاوت حس :۔ حب ممسک مشکی خاص۔ قرص ممسک جدید۔ طلاء محذر طلاء ممسک خاص۔ معجون مقوی وممسک۔

عضو مخصوص کی فربہی کیلئے :۔ طلاء...

لذت کیلئے :۔ عطر عیش۔

ورم خصیتین :۔ ضماد ورم انثیین۔

## سوزاک اور آتشک کی دوائیں

سوزاک :۔ روغن صندل۔ سفوف لیاتیر سوزی۔ جوہری۔ شربت بزوری معتدل معقی عرق سوزاک اجملی۔ قرص سوزاک۔

آتشک :۔ جوہری مصفی۔ حب کتھہ

## عورتوں کے مخصوص امراض کی دوائیں

سیلان الرحم (لیکوریا) :۔ قرص کلاں۔ قرص لنسواں۔ معجون سپاری پاک۔

Marfat.com

ورمِ رحم اور نلوں کا درد:۔ آتشی اکسیرِ نسواں، ضماد سنبل الطیب۔ مرہم داخلیون

ماہواری کی کمی:۔ اکسیرِ نسواں۔ سفوف مُدِر

ماہواری کی زیادتی:۔ سفوف استحاضہ۔

ہسٹیریا:۔ دواء الشفاء اجملی۔

اسقاطِ حمل:۔ معجون حمل عنبری علویخاں۔

## بچوں کے امراض کی دوائیں

توانائی صبیانی۔ قرص ہیل۔

## مفرح اور مسکن دوائیں

جوارش فواکہ عنبری بہ نسخہ کلاں۔ شربت کوثر۔ شربت صندل۔ مفرح شیخ الرئیس مفرح جمیل مفرح یاقوتی معتدل جواہر والی۔

## سر اور چہرے کے امراض کی دوائیں

بالوں کے لیئے:۔ گیسو دراز۔

ضعف دماغ، دورانِ سر، کند ذہنی، بے خوابی، نسیان وغیرہ } خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا، خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا، دانائی۔ روغن بادام شیریں، روغن کاہو۔ روغن کدو، روغن لبوب سبعہ۔

قرص نقرہ مرکب۔ کشتہ مرجان جواہر والا۔ کشتہ مرجان سادہ

سر کا بھاری پن:۔ اطریفل اسطخودوس۔

نزلہ اور زکام:۔ اطریفل اسطخودوس، اطریفل زمانی، برشعثا، جوشاندہ، حب جدوار، شربت صدر، شربت اعجاز، شربت ارزانی، قرص صدر، لعوق سپستاں۔

ان میں سے اکثر دوائیں دمہ، دق و سل اور کھانسی میں مفید و مستعمل ہیں۔

دیوانگی:۔ دواء الشفاء اجملی۔

فالج، تشنج اور سُن ہو جانے کے لیئے } حب خاص بڑے حکیم صاحب والی، روغن سرخ۔ روغن قسط، معجون اذاراقی۔ معجون جوگراج گوگل مُصفّیٰ

آنکھوں کیلیئے:۔ اطریفل شاہترہ۔ بردوی۔ تاسکین۔ کحل الجواہر۔ کحل مامیراں۔ کحل عینی دوا۔

ناک کی خشکی:۔ روغن بادام شیریں۔

کانوں کی خشکی اور اونچا سنائی دینے کیلئے } روغن بادام شیریں، روغن سماعت کشا

دانتوں اور مسوڑھوں کے لیئے } اصلی منجن اکسیر پائیوریا، تاسکین۔ دندانی منجن جمیل۔

مُنہ کے دانوں اور مُنہ آنے کے لیے:۔

فلاعی۔

Marfat.com

## گلے کی بیماریاں

آواز بیٹھ جانے اور گلے کے ورم کیلئے } حب بحۃ الصوت، شربت شہتوت

غدود کی کلانی اور ورم کے لیے } اطریفل غددی، مرہم داخلیون

## معدہ کی بیماریاں

معدہ کا درد، ھضم کی خرابی، بھوک کا نہ لگنا، معدہ کی کمزوری، ریح، نفخ، قراقر، متلی اور تبخیر کیلئے } اجملی۔ جوارش جالینوس، جوارش آملہ عنبری بہ نسخہ کلاں، جوارش کمونی، حب کبد نوشادری، سی کو۔

سفوف نمک سلیمانی خاص، کشتہ خبث الحدید۔ قرص ہیل، نمک مرگانک۔ نوشدارئے لولوی

رال بہنا اور گندہ دھنی:- جوارش جالینوس، کشتہ خبث الحدید۔

سنگ رھنی اور دست:- لبنت مالتی۔ نوشدارو ے لولوی۔

## پھیپھڑوں کی بیماریاں

دمہ:- شربت صدر، قرص دمہ، قرص صدر کشتہ ابرک کلاں۔ معجون راح المومنین۔

دق وسل اور کھانسی۔ جوشاندی حب سرفہ۔ حب راحت۔ خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا شربت اعجاز۔ شربت صدر۔ شربت انجبار عرق مسیحی قرص مسیحی۔ قرص صدر کشتہ طلا خورد۔ لعوق مسیحی۔

## جگر کی بیماریاں

ورم جگر اور جگر کا بڑھ جانا وغیرہ

ادراری۔ اکسیر جگر۔ سی کو۔ ضماد جالینوس۔ قرص افسنتین خاص۔ معجون دبید الورد

جگر کی قوت اور خون پیدا کرنیکے لیے

کشتہ فولاد۔ شربت فولاد۔

جگر کی حدت دور کرنے کے لیے

شربت صندل، مفرحین اجملی۔

## دل کی بیماریاں

ضعف قلب، غشی اور دل کی دوسری بیماریاں:-

جواہر مہرہ حب جواہر خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا۔ خمیرہ مروارید۔ دواء المسک معتدل جواہر والی۔ کشتہ مروارید۔ اور جملہ مفرح دوائیں۔

بلڈ پریشر کے لیے:- اطریفل دواء الشفاء اجملی، اور تمام مفرح دوائیں۔

## طحال (تلی) کی بیماریاں

اکسیر طحال۔ سفوف طحال۔ ضماد طحال۔

Marfat.com

## گردوں اور مثانہ کی بیماریاں

**گردوں کی کمزوری :-**

جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں - کشتہ زمرد -

لبوب کبیر اجملی -

**پیشاب کی زیادتی اور مثانہ کی کمزوری :-** قرص رین - کشتہ بیضہ مرغ

معجون فلاسفہ -

**پیشاب کی کمی :-** ادراری -

شربت بزوری معتدل -

**پتھری کے لیے :-** دوائے پتھری اجملی

قرص حصاۃ -

**ذیابیطس :-**

دوائے عجیب ذیابیطس - کشتہ بیضہ مرغ

## آنتوں اور مقعد کی بیماریاں

**قبض اور دستوں کیلئے**

اصبلان - اطریفل زمانی - روغن بادام شیریں -

شربت ورد مکرر - شربت انار زانی - قرص ملین -

**آنتوں کی قوت اور دستوں کو روکنے کیلئے**

سنبت مالتی - جوارش آملہ عنبری بہ نسخہ کلاں -

قرص آملہ لولوی - نوشدارو لولوی -

**پیٹ کے کیڑے -** اطریفل دیدان

**پیچش :-** اکسیر پیچش، حب پیچش -

شربت انجبار - مفرحین اجملی -

**بواسیر :-** حب سرخ بواسیر - روغن بواسیر

قرص بواسیر خاص -

## وجع المفاصل - عرق النساء اور نقرس

جوہری - حب سورنجان - روغن سورنجان - معجون سورنجان

قرص مفاصل - مصفی - مقامی استعمال کے لیے -

روغن قسط - روغن سرخ - روغن کلاں -

## خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماریاں

**خون کی صفائی کیلئے :-** جوہری -

صفائی اکسیری - مصفی -

**خارش :-** مرہم عجیب -

**داد :-** شیاف داد -

**برص :-** سفوف برص -

## موسمی بخار

سی کو - قرص حمیل -

## متفرق بیماریاں

چوٹ کے درد - زخم - جلے ہوئے - گرمی دانوں اور پھوڑے پھنسیوں وغیرہ کیلئے :- اجمل مرہم

Marfat.com

# پرہیز

چند اہم اور کثیر الوقوع امراض کا خصوصی پرہیز عوام کی آگاہی کے لیے ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

- ضعف دماغ اور دوران سر:۔ زیادہ سوچنے اور دماغی کام سے پرہیز رکھیں
- آنکھوں کی بیماریاں:۔ مرچوں اور ترش اشیاء سے پرہیز رکھیں۔
- دانتوں اور مسوڑھوں کی بیماریاں:۔ برف کے پانی اور گوشت سے پرہیز رکھیں۔ پان میں چھالیہ زیادہ نہ کھائیں۔
- دل کی بیماریاں:۔ زیادہ محنت، غم و فکر سے اجتناب کریں۔
- جگر کی بیماریاں:۔ میٹھی چیزیں، گھی اور دیگر چکنی چیزیں استعمال نہ کریں۔
- ذیابیطس: زمین کے اندر پیدا ہونے والی ترکاریوں اور میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں۔
- نزلہ، زکام، کھانسی:۔ ترش اشیاء، ٹھنڈی ہوا اور برف سے پرہیز رکھیں۔
- دمہ:۔ ترش، ثقیل، بادی، تیز بودار اشیاء اور گرد و غبار سے اجتناب کریں۔
- گردوں کی بیماریاں:۔ زیادہ چلنے پھرنے، زیادہ دیر بیٹھنے اور سرد اشیاء سے پرہیز رکھیں
- بواسیر:۔ ثقیل، بادی اور گرم اشیاء استعمال نہ کریں۔
- پیچش:۔ مرچ، گرم، ثقیل، بادی و محرک اشیاء استعمال نہ کریں۔
- گنٹھیا، عرق النسا، نقرس:۔ ثقیل، بادی اور سرد اشیاء استعمال نہ کریں۔
- مردانہ کمزوری: فاسد خیالات اور ترش اشیاء سے اجتناب کریں۔
- جریان، رقت، سرعت، سیلان الرحم:۔ گرم اشیاء سے پرہیز رکھیں۔ قبض نہ ہونے دیں
- احتلام:۔ ثقیل، بادی اشیاء استعمال نہ کریں۔ چت نہ سوئیں۔ رات کو کھانا بھوک سے کم کھائیں

| |
|---|
| گرم اشیاء:۔ انڈا، مرغی، مچھلی، تیل، گڑ، خشک میوے |
| ثقیل و بادی اشیاء:۔ آلو، اروی، بھنڈی، بینگن، گوبھی، چنے کی دال، ماش کی دال، گائے کا گوشت، چاول۔ |
| تیز بودار اشیاء:۔ تیل، مچھلی اور مچھلی کی جملہ اقسام |
| ترش اشیاء:۔ لیموں، اچار، کھٹائی، ترش فروٹ۔ |
| سرد اشیاء:۔ دہی، ٹنڈے، توری، گھیا، گھیا کدو، پالک اور دیگر ترکاریاں۔ |

Marfat.com

# اجملین ۵۴

ایشیا کی مشہور بوٹی راؤلفیا سرپنٹینا یعنی چھوٹی چندن یا اسرول کا بے ضرر مرکب ہے، جس میں ہائی بلڈ پریشر کو کم کرنے والے بہترین اجزائے عامل موجود ہیں۔

اسرول کو سب سے پہلے باقاعدگی کے ساتھ مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم نے اپنے مریضوں پر استعمال کیا۔ اس زمانے میں یہ دوا دیوانگی کی بعض اقسام اور ہسٹیریا کی کامیاب دوا سمجھی جاتی تھی اور انہی امراض میں مرحوم بھی اس بوٹی کو استعمال کرایا کرتے تھے۔

مسیح الملک کی ہدایات کے مطابق ڈاکٹر سلیم الزماں صدیقی صاحب نے آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج دہلی کے ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں اسرول پر تحقیقات شروع کی اور اس کے اجزائے عامل —— اجملین $C_{20}H_{26}NO_3$ اور اجملینین $C_{20}H_{26}NO_2$ وغیرہ حاصل کئے۔ اور اسے شدید جنون و بے خوابی رفع کرنے والی اور عام مسکن دوا قرار دیا۔

۱۹۳۲ء میں سب سے پہلے مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب رئیس اعظم دہلی نے اسرول کو ہائی بلڈ پریشر کے علاج میں استعمال کیا اور نہایت کامیاب پایا۔ اس وقت سے یہ دوا دنیا بھر کے سائنسدانوں کی توجہ کا مرکز بن گئی اور کئی ملکوں نے اس پر تحقیقات کی لیکن وہ ابھی تک اس کا کوئی بے ضرر مرکب دریافت نہیں کر سکے ہیں۔

۱۹۴۰ء میں جناب حکیم محمد نبی خاں صاحب جمال سویدا نے جدید ترین تحقیقات کی روشنی میں اسرول کے زیادہ سے زیادہ موثر اور سریع الانجذاب اجزائے عاملہ حاصل کرنے اور ناخوشگوار اثرات کی اصلاح و تعدیل کے سلسلے میں تجربات شروع کئے۔ مسلسل کئی سال کی جدوجہد کے بعد آخر ایک ایسا مرکب دریافت کر لیا گیا جو کسی نقصان کے بغیر بلڈ پریشر کو بتدریج کم کر دیتا ہے۔ اجملین ۵۴ اسی بیش بہا مرکب کا نام ہے۔ اس کے استعمال سے عصبی ہیجان، بے خوابی، دردِ سر، اختلاج، پسینہ کی زیادتی، سر کا بھاری پن، ہاتھ پیروں اور انگلیوں کی سنسناہٹ اور اسی قسم کی شکایات جو بلڈ پریشر کے ساتھ عام طور پر موجود ہوتی ہیں، بہت جلد دور ہو جاتی ہیں۔ **مقدار استعمال**:۔ ایک قرص سے چار قرص تک روزانہ۔

طبیب یا ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق استعمال کی جائے۔ **قیمت فی بکس۔ پانچ روپے**

Marfat.com

## اجملان

جب قبض دائمی صورت اختیار کر لیتا ہے تو طرح طرح کے امراض و عوارض پیدا ہونے کا اندیشہ رہتا ہے **اجملان** دائمی قبض کے لیے نہایت کامیاب اور بے ضرر دوا ہے۔ یہ آنتوں کی حرکت دودیہ (پیرا سٹالٹک موشن) کو بے ضرر طریقہ پر بڑھا کر قبض کو دور کر دیتی ہے۔ **ترکیب استعمال**:- ایک ٹکیہ رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔ تابض، بادی اور ثقیل چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

قیمت :- بتیس ۳۲ قرصوں کا بکس دو روپے۔

## اجمل منجن

پایوریا کا شافی علاج ہے۔ مسوڑھوں کی کمزوری اور مسوڑھوں سے پیپ اور خون آنے کی شکایت اور منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے دانت مضبوط اور چمکدار ہو جاتے ہیں۔ ہلتے ہوئے دانتوں کو جماتا ہے۔ اجمل اعظم کے خاص مجربات میں سے ہے۔ **ترکیب استعمال**:- صبح اور رات کو دانتوں اور مسوڑھوں پر آہستہ آہستہ ملیں۔ دس پندرہ منٹ کے بعد گرم پانی سے کلی کر دیں۔

قیمت : فی شیشی ایک روپیہ چار آنے۔

## اجمل مرہم

چوٹ اور موچ کے درد کو فوری آرام پہنچاتا ہے۔ زخموں کو جراثیم سے پاک رکھتا ہے۔ اور انہیں مندمل کر دیتا ہے۔ کٹے پھٹے حصوں سے خون کو روکتا ہے۔ جلے ہوئے پر اگر فوراً لگایا جائے تو آبلہ نہیں پڑنے دیتا اور سوزش کو بہت جلد دور کر دیتا ہے۔ متورم غدودوں، دردِ سر، گٹھیا، گرمی دانوں، مہاسوں اور اعصابی دردوں وغیرہ میں بھی نہایت مفید ہے۔

**ھدایت**:- یہ مرہم صرف بیرونی استعمال کے لیے ہے۔ اس کے استعمال کے بعد سینکنے کی ضرورت نہیں۔ **ترکیب استعمال**:- حسب ضرورت مرہم لگائیں۔

قیمت :- فی شیشی ایک روپیہ چار آنے۔

Marfat.com

# الماسِ کیمیاوی

سونے اور جواہرات، کا بیش بہا مرکب ہے۔ نوجوانی کی بے اعتدالیوں اور کثرتِ مباشرت سے تناسلی نظام کے اعصاب تھک کر جواب دے چکے ہوں، اور عصبی مراکز میں تناسلی نظام کو حرکت میں لانے کی قوت کم زور ہو گئی ہو، تو الماس کیمیاوی کے چند روزہ استعمال سے بحال ہو جاتی ہے۔ یہ قوی کو مضبوط کرتا ہے۔ معدہ اور جگر کے بگڑے ہوئے نظام کو درست کر کے اچھے خون کی پیداوار بڑھاتا ہے۔ دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے، اور ناتواں سے ناتواں انسان میں بھی شباب کی نئی امنگیں اور ولولے پیدا کر دیتا ہے۔ ضعیف العمر اشخاص کے لیے بیش قیمت تحفہ ہے۔ **ترکیب استعمال:۔** ایک گولی ایک دن کے وقفہ سے رات کو سوتے وقت ایک گلاس نیمگرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ بادی، گرم اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

**قیمت:۔** سولہ گولیوں کی شیشی۔ تیس ۳۰ روپے۔

**نوٹ:۔** پورا فائدہ حاصل کرنے کے لیے کم از کم ایک شیشی کا استعمال لازمی ہے اگر اس کے ساتھ بیرونی طور پر طلا مقوی یا طلاء عطر اگر کہنہ بھی استعمال کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

## اجملی

اجمل اعظم کی بیاض خاص کا نسخہ ہے۔ ہضم کی اصلاح کر کے غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔ معدے کو قوت دیتا ہے۔ نفخ و قراقر، ریاح کی کثرت، کھانا کھانے کے بعد طبیعت کا گرا گرا رہنا ہضم کے وقت دل کی دھڑکن میں اضافہ ہو جانا، ان سب شکایتوں کا شافی علاج ہے۔ معدہ، جگر، بانقراس (لبلبہ)، غذا کو ہضم کرنے والے ضروری اعضاء ہیں۔ اجملی معدے کا رس (Gastric Juice) اور لبلبہ (بنقراس) کا رس (Pencreatic Juice) پیدا کرنے والے خلیات کو حرکت میں لاتی ہے۔ جگر کی اصلاح کرتی ہے۔ **ترتیب استعمال:۔** دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد ایک ایک یا دو دو ٹکیاں پانی کے ساتھ کھائیں۔ تقبیل، نفاخ اور بادی اشیاء سے پرہیز۔ قیمت: تیس قرصوں کا ۲ روپے۔

Marfat.com

# اکسیر نسواں (رجسٹرڈ)

عام نسوانی بیماریوں مثلاً ایام کی کمی یا درد کے ساتھ آنا، رحم سے ہر وقت سفید یا زردی مائل رطوبت کا اخراج، رحم کی سختی وغیرہ کے لیے نہایت مفید ہے۔ پیڑو اور کمر کا درد، بھوک نہ لگنا اور اسی قسم کی جملہ شکایات جو ان بیماریوں کے ہمراہ پائی جاتی ہیں، اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہیں۔ یہ خصیتین الرحم (Ovaries) کے افعال کو درست کرتی ہے۔ رحم کو قوت پہنچاتی ہے اور اس کی غشائے مخاطی (Meucous Membrane) کی سوزش اور سختی کو دور کر کے طبعی افعال کو بحال کرتی ہے۔ سنہ ۱۹۳۰ء سے اور اس وقت تک لاکھوں خواتین اس سے فائدہ حاصل کر چکی ہیں۔ **ترکیب استعمال:۔** ایک چائے کا چمچہ (ٹی سپون فل) ایک کپ نیم گرم دودھ کے ساتھ صبح و شام استعمال کریں۔

**ہدایت:۔** ماہواری اور زمانہ حمل میں اکسیر نسواں استعمال نہ کریں۔

**پرہیز:۔** گرم، بادی، ثقیل اور ترش چیزوں سے۔

**قیمت:۔** فی شیشی دو روپے۔

# اِدراری

گردوں کی انابیب بولیہ (Tubules) اور گلامریولائی (Glomeruli) پر اثر انداز ہو کر پیشاب کی مقدار اور ادرار کو بڑھاتی ہے۔ گردوں اور مثانہ کی حدت کو دور کرتی ہے۔ جگر، معدہ حصے کے اورام میں مفید ثابت ہوئی ہے۔ جن امراض میں پیشاب کی مقدار کم ہو جاتی ہے اور فاسد مادے اخلاط ... تک پہنچاتے ہیں، ان میں نہایت موثر ہے۔ گردوں کو نقصان پہنچانے والی دواؤں کے اثرات زائل کرتی ... ان کے اخراج میں معاونت کرتی ہے۔ ترکیب ... قرص پانی یا شربت بزوری معتدل چار تولہ کے ساتھ صبح نہار منہ کھائیں۔

قیمت:۔ تیس قرص کا بکس دو روپے آٹھ آنے۔

Marfat.com

## اکسیر پائیوریا

مسوڑھوں سے گندہ خون اور پیپ جب غذا کے ساتھ معدہ میں پہنچتی ہے تو نہ صرف معدہ جگر اور آنتوں کا فعل درہم برہم ہو جاتا ہے، بلکہ پیپ کے جراثیم خون میں پہنچ کر اسے بھی زہریلا کر دیتے ہیں۔ اسی لیے پائیوریا گٹھیا، پھیپھڑوں کی بیماریوں، دائمی نزلہ، زکام، ٹانسلز، بدہضمی، دست، پیچش اور دل کے امراض کا نہایت عام سبب مانا گیا ہے۔ اکسیر پائیوریا، خون اور پیپ کو روکنے کے لیے اکسیر صفت ہے۔ یہ مسوڑھوں اور دانتوں کی جڑوں تک پہنچ کر اپنا عمل کرتا ہے۔ **ترکیب استعمال:**۔ بقدر ضرورت مسوڑھوں پر ملیں اور نصف گھنٹے کے بعد گرم پانی سے کلی کریں۔ زیادہ ٹھنڈا پانی نہ پئیں۔ بادی و ثقیل اشیا اور ریشہ دار گوشت نہ کھائیں۔ **قیمت:** فی شیشی ایک روپیہ۔

## اکسیر پیچش

ہر قسم کی نئی اور پرانی پیچش میں مفید ہے۔ آنوں اور مروڑ کو رفع کرتی ہے۔ معاء مستقیم (RECTUM) کے ورم، سوزش اور زخموں کو دور کر دیتی ہے۔ دواخانہ حکیم اجمل خاں کے خاص مجربات میں سے ہے۔ **ترکیب استعمال:**۔ ایک چمچہ (ٹیبل سپون) صبح و شام ایک کپ پانی میں ملا کر پئیں۔ اگر مرض شدید ہو تو دن میں تین چار مرتبہ استعمال کریں۔ نئی پیچش میں ایک شیشی اور پرانی پیچش میں تین چار شیشیوں کا استعمال کافی ہوتا ہے۔ پرہیز:۔ صرف ملائم پکی ہوئی مونگ کی کھچڑی دہی کے ساتھ کھائیں۔ **قیمت:** فی شیشی تین روپے۔

## اکسیر جگر

جگر کے ورم اور اجتماع خون (CONGESTION) کو دور کرتی ہے۔ صفرا کی پیداوار اور اخراج کے نظام کو درست کرتی ہے اور غذا کے ہضم میں بھی معین ثابت ہوتی ہے۔ **ترکیب استعمال:**۔ ایک قرص صبح اور ایک شام کو پانی یا تھوڑی سی لسی کے ساتھ کھائیں۔ پرہیز میٹھی اور چکنی چیزوں سے۔ **قیمت:**۔ فی بکس تین روپے

## استعمالی

نظام نہانی کے ورم (VAGINITIS) رحم کے ورم (ENDOMETRITIS) عنق الرحم کے ورم (ENDOCERVICITIS) میں مفید ہے۔ اپنے براہ راست اور مقامی عمل کے ذریعے ان اعضاء کی غشاء مخاطی کی سوزش کو رفع کر کے سیلان الرحم، ہر وقت ناف اور پیٹ میں درد رہنے، پیڑو اور کمر کے بھاری پن، پیشاب کی جلن اور ماہواری کی بے قاعدگی جیسے عوارض کو دور کرتی ہے اور رحم میں استقرار حمل کی صلاحیت پیدا کرتی ہے۔ **ترکیب استعمال:** بذریعہ دایہ بھیجے ہوئے پرچہ کے مطابق۔

**قیمت:** فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے۔

Marfat.com

**اکسیر طحال** یہ دوا تلی کے ورم اور سختی کو دور کرتی ہے۔ موسمی بخار یا کسی اور وجہ سے تلی بڑھ گئی ہو تو اس کے استعمال سے طبعی حالت پر آجاتی ہے۔ اکسیر طحال خون میں سرخ دانوں (RED CELLS) کو بڑھاتی ہے۔ جگر و معدہ کی اصلاح بھی کرتی ہے۔
ترکیب استعمال :۔ دو دو قرص صبح و شام تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ ثقیل اور بادی چیزوں سے پرہیز رکھیں۔ زیادہ پانی نہ پئیں۔ قیمت :۔ تیس قرصوں کا بکس دو روپے۔

**اطریفل اسطخودوس** دماغی فضلات کو خارج کرتا ہے۔ نزلی رطوبات کو روکتا ہے۔ سر کے بھاری پن کو دور کر دیتا ہے۔ ترکیب استعمال :۔ نو ماشے اطریفل رات کو سوتے وقت تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت : ۱۰ تولے کا پیکنگ ایک روپیہ آٹھ آنے۔

**اطریفل زمانی** دائمی نزلہ و زکام کی شکایت میں مفید ہے۔ ہر قسم کی نزلی رطوبات کو آنتوں کے ذریعے خارج کرتا ہے۔ قبض اور نزلہ کی وجہ سے اگر درد سر کی شکایت ہو تو اس کے استعمال سے جاتی رہتی ہے۔ ترکیب استعمال :۔ چھ ماشے رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت :۔ ۱۰ تولہ کا پیکنگ ایک روپیہ دو آنے۔

**اطریفل شاہترہ** مصفی خون ہے۔ آشوب چشم (آنکھیں دکھنے) اور گرمی دانوں میں بھی مفید ہے۔ سوداوی امراض میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
ترکیب استعمال :۹ ماشہ رات کو سوتے وقت تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت : دس تولہ کا پیکنگ ایک روپیہ آٹھ آنے۔

**اطریفل دیدان** پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک کر کے نکالتا ہے۔ ترکیب استعمال چھ ماشہ رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت : دس تولے کا پیکنگ ایک روپیہ آٹھ آنے۔

**اطریفل غددی** گلے اور گردن کے غدودوں کو تحلیل کرتا ہے۔ خنازیر (کنٹھ مالا) میں مفید ہے۔ ترکیب استعمال :۔ رات کو سوتے وقت چھ ماشے تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت :۔ دس تولہ کا پیکنگ ایک روپیہ آٹھ آنے۔

**بروودی** دھند، غبار، آنکھوں کی خارش اور سوزش کو دور کرتی ہے۔ ترکیب استعمال: صبح و شام سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ قیمت : فی شیشی : بارہ آنے۔

Marfat.com

**برشعثا** پرانے نزلہ زکام اور درد سر میں بیحد مفید ہے۔ پرانے سے پرانا نزلہ چند روزہ استعمال سے جاتا رہتا ہے۔ **ترکیب استعمال:** ۔ صبح و شام ایک ایک ماشہ تازہ پانی کیساتھ کھائیں۔ **قیمت:** ۔ پانچ تولے کا پیکنگ چار روپے۔

**بسنت مالتی** سنگرہنی (SPRUE) میں بے حد مفید ہے۔ معدہ اور آنتوں کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ **ترکیب استعمال:** ۔ ایک قرص معجون سنگدانہ مرغ ہاتھ میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں۔ **پرہیز:** تیل بادی اور نفاخ اشیاء سے۔ **قیمت:** ۔ بتیس قرصوں کا پیکنگ آٹھ روپے۔

# تاسکین

ہر قسم کے درد، سوزش اور ورم کو زائل کرتی ہے۔ دانت کے درد، مسوڑھوں کے ورم، چوٹ کے درد اور ورم، آنکھوں کی سرخی اور کھٹک، بھڑ، بچھو وغیرہ کے کاٹے کی سوزش اور درد کو فوراً رفع کر دیتی ہے۔ اس کے لگاتے ہی تکلیف سکون میں بدل جاتی ہے۔

**ہدایت:** ۔ صرف بیرونی استعمال کے لیے ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۔ ایک شیشی چمچہ بھر تیز گرم پانی میں حل کر کے صبح و شام لیپ کریں۔ اگر تکلیف شدید ہو تو دن میں تین چار مرتبہ لگائیں۔ آنکھوں میں تکلیف ہو تو پپوٹوں پر اور دانت یا مسوڑھوں میں تکلیف ہو تو جبڑے یا رخسار پر باہر کی طرف لگائیں۔

**قیمت:** آٹھ شیشیوں کا پیکنگ ایک روپیہ چار آنے۔

# توانائی

بچوں کی سوکھے کی بیماری میں نہایت مفید ہے۔ ہڈیوں کو مضبوط کرتی ہے۔ غذا کو جزو بدن بنا کر جسم میں فربہی اور توانائی پیدا کرتی ہے۔ سوکھا جسم میں اجزائے لحمیہ (پروٹین) اور پانی کے استعمال کی کمی سے پیدا ہوتا ہے۔ توانائی اس کمی کو بہت جلد پورا کر دیتی ہے۔ **ترکیب استعمال** کا پرچہ دوا کے ہمراہ ہوگا۔

**قیمت:** سو قرصوں کا بکس: دو روپے بارہ آنے۔

Marfat.com

**تکمید شریفی** کسی طلاکے استعمال سے قبل اس تکمید کا استعمال رگ پٹھوں کو ملائم کر کے عضو خاص میں طلا کا اثر قبول کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہے۔ یہ عضو مخصوص کے عضلات، اعصاب، شریانوں، وریدوں اور خانہ دار اجسام کی فاسد رطوبات کو تحلیل کرتی ہے جس سے ان میں خون سے پُر ہونے کی گنجائش زیادہ پیدا ہو جاتی ہے۔ مجلوقین کے لیے اس تکمید کا استعمال نہایت ضروری ہے۔ ترکیب استعمال کا چھپا ہوا پرچہ دوا کے ہمراہ ہوگا۔ قیمت: فی بکس دو روپے۔

# جوشاندی

نزلہ زکام سے زیادہ ہمہ گیر مرض کوئی نہیں۔ ہر عمر اور ہر جنس کے لوگوں پر اس کا حملہ ہوتا ہے۔ ذرا موسم بدلا یا سرد گرم ہوئے یا کھانے پینے میں بے احتیاطی ہو گئی اور نزلہ زکام نے گھیرا۔ ابتدا ہی میں اگر مناسب علاج نہ ہو تو اکثر نزلہ بگڑ جاتا ہے۔ اور انسان طرح طرح کے امراض و عوارض میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس مرض کیلئے جوشاندہ نہایت عام اور مشہور دوا ہے جو عموماً بوٹیوں سے مشتمل ہے۔ لیکن آج کے دور میں لوگ جوش دینے اور چھاننے کی زحمت گوارا نہیں کرتے۔ حکیم محمد نبی خاں صاحب جمال سویدا نبیرہ اجمل اعظم نے اس دشواری کو محسوس کرتے ہوئے کئی سال کی تحقیقات کے بعد جوشاندہ کے اجزائے مؤثرہ کو ٹکیوں کی شکل میں منتقل کر دیا ہے۔ اب جوش دینے کی زحمت سے نجات مل گئی ہے اور آسانی سے سفر و حضر میں نزلہ کی دوا میسر آسکتی ہے۔

ترکیب استعمال:- ایک یا دو قرص ایک کپ گرم پانی میں حل کر کے چینی ملا کر چائے کی طرح گرم گرم نوش فرمائیں۔ اگر نزلہ شدید ہو تو دن میں تین مرتبہ جوشاندی استعمال کریں۔

قیمت:- فی بکس: ایک روپیہ چھ آنے۔ فی پیکٹ: تین آنے۔

آتشک (SYPHILIS) جذام، نواسیر (FISTULA IN ANO) بھگندر اور [illegible]

**جوہری** [illegible] زمانوں میں [illegible] مریض [illegible] آتشک جذام [illegible] عوارض سے [illegible]

ترکیب استعمال:- ایک کیپسول [illegible] ہمراہ [illegible] دیں۔ ہدایت:- [illegible] دوران استعمال [illegible] گھی [illegible] قیمت [illegible]

# جمیلان

عجیب بات ہے کہ جریان کی شکایت جس قدر عام ہے، اسی قدر اس کا علاج دشوار اور کمیاب ہے۔ کتنے ہی نوجوان ہیں جو اس نامراد بیماری کے ہاتھوں زندگی کی لذتوں اور فکر و عمل کی دلچسپیوں سے محروم ہیں۔

عالیجناب مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب رئیس اعظم دہلی شکریہ کے مستحق ہیں کہ ممدوح نے سالہا سال کے دقیق و عمیق مطالعہ کے بعد جریان کے لیے جمیلان کا گراں قدر نسخہ مرتب فرمایا۔ جمیلان ہر قسم کے جریان میں مفید ہے۔ جریان مذی، جریان ودی اور احتلام کی کثرت کو روکتی ہے اور جریان کے جملہ عوارض مثلاً ضعف باہ، رقت، سرعت، اور امساک کی کمی وغیرہ کو دور کرتی ہے۔ خصیتین، اوعیۂ منی، غدۂ قدامیہ (پراسٹیٹ گلینڈ) کی ساخت کو قوت پہنچاتی ہے۔ مردانہ جنسی ہارمون ٹیسٹوسٹیرون سے جسم کو پورا فائدہ اٹھانے کا موقع بہم پہنچاتی ہے۔ اسی لیے جسم کو مضبوط بناتی ہے۔ چہرے کی بے رونقی، خیالاتِ فاسدہ، بزدلی اور کم ہمتی کو دور کرتی ہے۔

ترکیب استعمال کا پرچہ شیشی کے ہمراہ ہوگا۔

قیمت: تیس قرصوں کا بکس چار روپے۔

## جواہر مہرہ

اعضائے رئیسہ اور ارواح کو قوت دیتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر نزع کے عالم میں بھی اس کا استعمال کیا جائے تو مرنے والے کی قوت تھوڑی دیر کے لیے عود کر آتی ہے۔ غشی، ہبوط (COLLAPSE) اور دوران خون کے فوری تعطل (FAILURE) میں مفید ہے۔ **ترکیب استعمال**: دو چاول جواہر مہرہ دوا المسک معتدل جواہر والی ۱ ماشہ یا ایک تولہ شہد خالص میں ملا کر کھلائیں۔ **قیمت**: ایک ماشہ کی شیشی چار روپے۔

## جوارش جالینوس

یہ جوارش معدہ اور آنتوں کو قوت دیتی ہے۔ گندہ دہنی اور رال بہنے کی شکایت میں مفید ہے۔ کاسر ریاح ہے۔ معدہ کی خراب رطوبتوں کو جذب کرتی ہے۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتی ہے۔ نظام ہضم کو درست رکھتی ہے۔ طب یونانی کی ایک قابل فخر دوا ہے۔ چھ ماشہ صبح نہار منہ یا دونوں وقت کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت: دس تولہ کا پیکنگ دو روپیہ بارہ آنے

Marfat.com

**جوارش کمونی** بدہضمی میں مفید ہے۔ نفخ (اپھارہ) کو زائل کرتی ہے۔ کاسر ریاح ہے پیٹ کے درد کو دور کرتی ہے اور خوب بھوک لگاتی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد یا بوقت ضرورت پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت:۔ دس تولہ کا پیکنگ ایک روپیہ آٹھ آنے۔

**جوارش زرعونی سادہ** باہ کو بڑھاتی ہے، درد کمر و پشت اور گردوں اور مثانہ کی کمزوری کو زائل کرتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی میں مفید ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح یا رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ کھائیں

قیمت ۱۰ تولہ کا پیکنگ: دو روپے دو آنے۔

**جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں** گردوں کو تقویت پہنچاتی ہے اور انھیں گرم رکھتی ہے۔ گردوں کی ساخت کو مضبوط بناتی اور پشت کو قوت پہنچاتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ ذیابیطس میں مفید ہے اور مقوی باہ بھی ہے۔ (بشرطیکہ ضعف باہ کی شکایت گردوں کی کمزوری کی وجہ سے ہو) اعصاب کو قوت پہنچاتی ہے۔ ترکیب استعمال:۔ چھ ماشہ صبح نہار منہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

ھدایت:۔ مرض ذیابیطس میں کشتہ زمرد اور پتھری کی شکایت میں دوائے پتھری کے ساتھ اس کا استعمال نہایت مفید اور کامیاب ہے۔ قیمت:۔ دس تولہ کا پیکنگ پانچ روپے چار آنے۔

**جوارش آملہ سادہ** تبخیر معدہ اور اختلاج کو رفع کرتی ہے۔ جگر کی اصلاح کرتی ہے۔ گرم مزاج حضرات کے لیے مفید ہے۔ دستوں کو روکتی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح نہار منہ یا دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد تازہ پانی کیساتھ کھائیں۔ قیمت:۔ ۱۰ تولہ کا پیکنگ ایک روپیہ آٹھ آنے

**جوارش آملہ عنبری بہ نسخہ کلاں** یہ جوارش دل و دماغ اور جگر، خصوصیت کے ساتھ آنتوں کو قوت پہنچاتی ہے۔ گرمی کی وجہ سے اگر دست آتے ہوں تو انھیں روکتی ہے۔ ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح نہار منہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

قیمت: فی شیشی ۱۰ تولہ چار روپے۔

Marfat.com

## جوارش فواکہ سادہ

اختلاج قلب اور خفقان کی شکایت کو دور کرتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کی کمزوری کو رفع کرتی ہے۔ ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح نہار منہ یا کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی کے ساتھ کھائیں

قیمت دس تولہ کا پیکنگ دو روپے دو آنے۔

## جوارش فواکہ عنبری بہ نسخہ کلاں

مفرح و مقوی قلب ہے دل کی دھڑکن کو دور کرتی ہے تبخیری و خفقانی کیفیت میں فائدہ پہنچاتی ہے۔ بعض خواتین کو دوران حمل میں متلی وغیرہ کی شکایت ہو جاتی ہے ان کے لیے یہ جوارش مفید ثابت ہوتی ہے ترکیب استعمال: چھ ماشہ صبح نہار منہ یا دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت: ۱۰ تولہ کا پیکنگ پانچ روپے چار آنے۔

# حب خاص بڑے حکیم صاحب والی

اکسیل اعظم کے معرکۃ الآرا مجربات میں سے ہے۔ ہر قسم کی اعصابی کمزوری (نیورستھینیا) کو دور کرتی باہ (مردانہ قوت) کو بڑھاتی اور اعضائے رئیسہ (دل، دماغ اور جگر) کو قوت دیتی ہے ترکیب استعمال:۔ دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد ایک ایک گولی تازہ پانی کے ساتھ کھائیں

قیمت:۔ بتیس گولیوں کا بکس بارہ روپے۔

## حب خاص

اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے عصبی کمزوری کو زائل کرتی ہے اور باہ کو بڑھاتی ہے۔ ترکیب استعمال:۔ ایک ایک گولی کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت: بتیس گولیوں کا بکس سات روپے

# حب عنبر مومیائی اجملی

یہ گولیاں ضعف باہ (مردانہ کمزوری) کو دور کرتی ہیں۔ اور اعضائے رئیسہ کو غیر معمولی قوت پہنچاتی ہیں جماع کے بعد کی کمزوری ان کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے اور ضائع شدہ قوت کا بدل مہیا ہو جاتا ہے۔ ترکیب استعمال: دو گولیاں روزانہ رات کو سوتے وقت یا جماع کے تین گھنٹے بعد ایک پاؤ نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں

قیمت:۔ سو گولیوں کا بکس چھ روپے۔

Marfat.com

# حبّ ممسک مشکی خاص

وقتی امساک (رکاوٹ) اور قوت کے لیے بے نظیر ہے۔ امساک کی قوت بڑھا کر طبیعت میں فرحت و جولانی پیدا کرتی ہے۔ مفر اجزاء سے پاک ہے۔ پشت میں حرام مغز کے اندر بادہ کے مرکز کو قوت پہنچاتی ہے اور انعکاسی پیغامات (REFLEXES) کی آمد و رفت کو بڑھاتی ہے جس سے ایستادگی اور لذت دونوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ترکیب استعمال۔ ضرورت سے ایک گھنٹہ پیشتر دو گولیاں نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ قیمت:۔ آٹھ گولیوں کا بکس دو روپے۔

**حب جواہر** اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے اور حرارت غریزی کی حفاظت کرتی ہے مفرح ہے۔ بیماری کے بعد جو کمزوری ہو جاتی ہے اسے چند روز میں دور کر دیتی ہے۔ ترکیب استعمال:۔ صبح نہار منہ ایک گولی ایک تولہ گائے کے مکھن یا چھ ماشہ خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا میں ملا کر کھائیں۔ قیمت:۔ ۴۰ گولیوں کا بکس سات روپے

**حب پیچش** ہر قسم کی پیچش میں مفید ہے۔ پہلی ہی خوراک اپنا مکمل اثر دکھاتی ہے کسی نقصان کے بغیر خون اور آنوں کو بند کر دیتی ہے۔ تجربہ ہے اور خاندان شریفی کے معمولات میں سے ہے۔ ترکیب استعمال:۔ ایک گولی سوتے وقت تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ اور ایک گھنٹہ تک حرکت کئے بغیر آرام سے بیٹھے رہیں۔

قیمت: آٹھ گولیوں کا پیکٹ دو روپے۔

**حب سرخ بواسیر** خونی بواسیر میں یہ گولیاں نہایت کامیاب ثابت ہوئی ہیں۔ خون کثرت سے خارج ہو رہا ہو تو ان کے استعمال سے بند ہو جاتا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ صبح و شام دو دو یا چار چار گولیاں دہی کے پانی کے ساتھ کھائیں۔

قیمت:۔ تیس گولیوں کا بکس دو روپے۔

**حب کبد نوشادری** ہاضم اور کاسر ریاح ہے۔ خوب بھوک لگاتی ہے ورم جگر اور تلی کے بڑھ جانے کی صورت میں بھی مفید و کامیاب ہے۔ ترکیب استعمال۔ دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد دو دو گولیاں کھائیں۔ قیمت آٹھ درجن کا بکس ایک روپیہ چار آنے۔

Marfat.com

**حبّ نجحۃ الصّوت** نزلہ زکام یا گلے کی کسی خرابی سے آواز بیٹھ گئی ہو یا بھاری ہو گئی ہو تو ان گولیوں کے استعمال سے کھل جاتی ہے۔

ترکیب استعمال :- دو گولیاں رات کو سوتے وقت منہ میں ڈال کر چوسیں۔

قیمت :- تیس گولیوں کا بکس ایک روپیہ۔

**حبّ سرفہ** یہ گولیاں بلغمی کھانسی میں مفید ہیں۔ ضعیفی میں بلغم کی زیادتی کی وجہ سے کھانسی کی شکایت رہتی ہو تو خاص طور پر فائدہ پہنچاتی ہیں۔ ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام منہ میں رکھ کر چوسیں۔ قیمت تیس گولیوں کا بکس ایک روپیہ۔

**حبّ راحت** یہ گولیاں کالی کھانسی کی شکایت میں نہایت مفید و کامیاب ہیں۔ ان کے چند روزہ استعمال سے یہ تکلیف دہ مرض دور ہو جاتا ہے۔

ترکیب استعمال :- ایک ایک گولی دوپہر اور رات کے کھانے کے بعد کھائیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق نصف یا چوتھائی گولی دودھ میں حل کر کے دیں۔ قیمت: تیس گولیوں کا پیکنگ ایک روپیہ۔

**حبّ کتھ** آتشک کی کامیاب دوا ہے۔ خون میں سے آتشک کی سمیت کو دور کر دیتی ہے ترکیب استعمال :- ایک کیپسول بغیر چبائے نگل لیں۔ ھدایت: غذا میں صرف بیسنی روٹی یا ارہر کی دال خوب گھی ڈال کر چپاتی سے کھائیں۔ قیمت تیس گولیوں کا بکس دو روپے

انتباہ :- بغیر کیپسول کے گولی ہرگز استعمال نہ کریں۔

**حبّ سورنجان** وجع المفاصل (جوڑوں کا درد) عرق النساء (SCIATICA) نقرس (GOUT) میں نہایت مفید ہے۔ بلغم کا اخراج کرتی ہے

ترکیب استعمال :- رات کو سوتے وقت چار گولیاں پانی کے ساتھ کھائیں۔

قیمت :- سو گولیوں کا بکس ایک روپیہ نو آنے۔

**حبّ جدوار** پرانے نزلہ زکام اور کھانسی کو دور کرتی ہے۔ رقت، سرعت اور جریان میں بھی مفید ہے۔ ترکیب استعمال :- رات کو سوتے وقت دو گولیاں پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت : تیس گولیوں کا بکس چار روپے۔

---

60660

Marfat.com

# خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا

دماغی کام کرنے والوں کے لئے یہ خمیرہ بہت مفید ہے۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ حافظہ اور بینائی کو تیز کرتا ہے۔ مفرح اور مقوی قلب ہے۔ دوران سر، اعصابی تھکاوٹ دماغی انتشار اور وہم کو دور کرتا ہے۔ ترکیب استعمال: چھ ماشے صبح نہار منہ کھائیں
قیمت :- دس تولے کا پیکنگ چھ روپے آٹھ آنے، پانچ تولے کا بکس تین روپے چھ آنے

**خمیرہ گاؤزباں عنبری** خمیرہ گاؤزباں سادہ سے زیادہ قوی الاثر ہے۔ دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔ نزلہ و زکام دائمی میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔
ترکیب استعمال :- چھ چھ ماشہ صبح و شام پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت :- دس تولے کا پیکنگ دو روپے بارہ آنے

**خمیرہ گاؤزباں سادہ** دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔ بینائی کی کمزوری کو دور کرتا ہے
ترکیب استعمال :- ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح و شام پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت :- فی تولہ دو آنے

**خمیرہ گاؤزباں جدوار عود صلیب والا** دماغ و اعصاب کو قوت دیتا ہے۔ اختناق الرحم (ہسٹیریا)، مرگی، فالج، لقوہ، رعشہ وغیرہ عصبی امراض میں مفید ہے۔ ترکیب استعمال :- چھ ماشہ صبح کو پانی کے ساتھ کھائیں۔
قیمت پانچ تولے کا پیکنگ - پانچ روپے چار آنے

**خمیرہ ابریشم سادہ** خفقان اور مالیخولیا میں مفید ہے۔ دل دماغ اور بینائی کو قوت دیتا ہے۔
ترکیب استعمال :- چھ ماشہ خمیرہ تازہ پانی کیساتھ صبح کو کھائیں۔ قیمت دس تولے کا پیکنگ ۲ روپے بارہ آنے

**خمیرہ مروارید** سچے موتیوں کی آمیزش سے تیار کیا ہوا یہ خمیرہ مقوی دل و دماغ ہے۔ خفقان کو دور کرتا ہے چیچک و موتی جھرہ میں عام طور پر استعمال کرایا جاتا ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔ بیمار کو کمزور رہنے سے بچاتا ہے۔ اور بیماری کے بعد کی کمزوری کو بہت جلد دور کر دیتا ہے۔ ترکیب استعمال :- چھ ماشہ صبح کو پانی کے ساتھ کھائیں۔
قیمت : پانچ تولے کا پیکنگ پانچ روپے چار آنے۔

Marfat.com

**خمیرہ ابریشم عود مصطگی والا** دل کو قوت دیتا ہے، خفقان اور اختلاج میں مفید ہے معدہ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

ترکیب استعمال:- چھ ماشہ صبح کو تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

قیمت:- ۵ تولہ کا پیکنگ چار روپے

**خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا** طب یونانی کا یہ مشہور و معروف مرکب حافظہ اور بینائی کو تیز کرتا ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ (دل، دماغ و جگر) ہے۔ خیالات فاسدہ، مالیخولیا، وہم اور وسواس کو دور کرتا ہے۔ باہ کو بڑھاتا اور روحانی قوتوں کی حفاظت کرتا ہے۔ نہایت قیمتی اجزاء سے تیار کیا جاتا ہے۔ ترکیب استعمال: چھ ماشہ صبح نہار منہ تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت: پانچ تولے کا پیکنگ سات روپے بارہ آنے۔

**خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا** دل و دماغ کی تقویت کے لیے اطبا کا معمول ہے۔ ضعف و نقاہت کو دور کرنے میں موثر ہے۔ وحشت و خفقان، سل و دق اور خشک کھانسی میں مفید ہے۔ تبخیر کو روکتا ہے۔ قوت باصرہ (بینائی)، قوت حافظہ (یادداشت) کو بڑھاتا ہے۔ ترکیب استعمال:- چھ ماشہ صبح کو پانی یا عرق گاؤزبان سات تولہ کے ساتھ کھائیں۔ قیمت: پانچ تولہ کا بکس: چار روپے۔

# دندانی

دانتوں اور مسوڑھوں کے درد اور ورم (GINGIVITIS) کے لیے نہایت مجرب ہے۔ درد کو فوری آرام پہنچاتی ہے۔ مسوڑھوں کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ ہلتے ہوئے دانتوں کو جما دیتی ہے۔ نزلی رطوبات کا اخراج کرتی ہے۔ دوا ایسٹ ہے۔ یہ احتیاط ضروری ہے کہ دوا حلق کے اندر نہ جائے۔ ترکیب استعمال:- دوا کی پھریری سے صبح اور رات کو سوتے وقت مسوڑھوں پر لگا کے رال ٹپکائیں۔ اگر تکلیف شدید ہو تو دن میں پانچ چھ مرتبہ استعمال کریں۔

قیمت: فی شیشی ایک روپیہ چار آنے۔

Marfat.com

# دواء الشفاء اجملی

مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خاں صاحب نے مرض جنون (پاگل پن) کے لیے انتہائی جد وجہد کے بعد یہ معرکۃ الآرا دوا دریافت فرمائی تھی۔ بلاشبہ یہ دوا اس مرض میں بے حد مفید اور کامیاب ثابت ہوئی ہے۔ دواء الشفا کے استعمال سے بعض ایسے اہم مریض صحت یاب ہوئے ہیں جن کے بارے میں یہ فیصلہ کیا جا چکا تھا کہ اب ان کی تمام عمر پاگل خانے میں گذرے گی۔ یورپ بھی آج تک جنون کی اس سے معتبر دوا دریافت نہیں کر سکا۔ یہ دماغ اور اعصاب پر مسکن عمل کرتی ہے جس سے جنونی عوارض میں تیزی سے تخفیف ہو جاتی ہے۔ علاوہ ازیں یہ اکسیر صفت دوا اختناق الرحم (ہسٹیریا) اور ہائی بلڈ پریشر میں بھی مفید و مستعمل ہے۔ ترکیب استعمال:۔ ایک ایک قرص صبح کو اور رات کو سوتے وقت پانی یا ایک کپ نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔

قیمت:۔ تیس قرصوں کا پیکنگ آٹھ روپے۔

# دانائی

دانائی کا نسخہ برسوں کے تجربات کے بعد جناب حکیم محمد نبی خاں صاحب جمال سویدا نے مرتب فرمایا ہے۔ یہ دوا عقل اور ذہن کو تیز کرتی ہے۔ حافظہ کو تقویت پہنچاتی ہے۔ دانائی ایسے بچوں اور نوجوانوں کے لیے ایک نعمت ہے جو کم عقلی (MENTAL DEFICIENCY) کا شکار ہوں اور کند ذہنی کی وجہ سے لکھنے پڑھنے میں کمزور ہوں۔ اس کی دو تین شیشیوں کا استعمال انسان کو ذکی اور فہیم بنا دیتا ہے۔ ترکیب استعمال:۔ چھ سال سے بارہ سال تک کے بچوں کو ایک گولی ایک تولہ مکھن میں ملا کر صبح و شام استعمال کرائیں۔ تیرہ سال سے اٹھارہ سال تک کے نوجوان دو گولیاں ایک تولہ مکھن میں ملا کے شام کو کھائیں۔ قیمت:۔ تیس گولیوں کا بکس پانچ روپے۔

Marfat.com

# دوائے پتھری اجملی

یہ دوا گردہ و مثانہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کرکے نکالنے میں نہایت کامیاب ثابت ہوئی ہے۔ اس کے استعمال سے ہزارہا مریض آپریشن کے بغیر اس موذی مرض سے نجات حاصل کر چکے ہیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک ایک قرص صبح و شام ایک تولہ سکنجبین بزوری میں حل کرکے چاٹیں

قیمت:۔ فی شیشی چھ روپے۔

## دوائے عجیب ذیابطیس

ذیابطیس (پیشاب میں شکر آنا) انتہائی تکلیف دہ اور پریشان کن بیماری ہے۔ یہ مرض بانقراس (لبلبہ = PENCREAS) کے ایک خاص حصے کی رطوبت انسولین کی کمی سے پیدا ہوتا ہے جو خون میں جذب ہو کر جسم میں شکر کا توازن برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ دوائے عجیب ذیابطس بانقراس کو قوی کرکے انسولین کی تخلیق بحال کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب میں شکر آنا موقوف ہو جاتا ہے

ترکیب استعمال:۔ دو دو قرص صبح و شام جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں ۶ ماشہ میں ملا کر کھائیں۔ ھدایت:۔ میٹھی چیزوں سے پرہیز لازمی ہے۔ ایسی ترکاریاں بھی استعمال نہ کریں جو زمین کے اندر پیدا ہوتی ہیں۔ قیمت:۔ تیس قرصوں کا پیکنگ۔ چار روپے۔

## دواء المسک معتدل سادہ

دل کو قوت دیتی ہے۔ معدہ اور جگر کی کمزوری کو رفع کرتی ہے۔ اختلاج قلب و خفقان کے علاوہ مالیخولیا اور مراق میں بھی مفید ثابت ہوتی ہے۔ ترکیب استعمال۔ ۶-۶ ماشہ صبح و شام پانی کے ساتھ کھائیں۔

قیمت: دس تولہ کا پیکنگ۔ چار روپے

## دواء المسک معتدل جواہر والی

قیمتی اجزاء سے تیار کیا ہوا یہ مرکب خواص و عوام میں یکساں مقبول ہے۔ دل کے امراض میں بکثرت استعمال کیا جاتا ہے۔ مقوی قلب ہے۔ قلب کی ساختوں کو مضبوط بناتا ہے۔ دوران خون کو نارمل رکھتا ہے۔ اس کا استعمال قلب کے ہر مرض میں مفید و کامیاب ہے۔ ترکیب استعمال:۔ چھ ماشہ صبح کو پانی سے کھائیں یا چھ چھ ماشہ بعد از غذا دوپہر و شب استعمال کریں۔ قیمت:۔ دس تولہ کا پیکنگ سات روپے بارہ آنے

Marfat.com

**روغن لبوب سبعہ** مقوی دماغ ہے۔ دماغ کی خشکی دور کرتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔ ایسے اشخاص کے لیے ایک نعمت ہے جنھیں کام کی زیادتی کی وجہ سے بخوبی نیند نہ آتی ہو۔ ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت یا حسب ضرورت تھوڑے سے روغن کی سر پر اس طرح مالش کریں کہ بخوبی جذب ہو جائے۔ قیمت:- آٹھ تولے کا پیکنگ تین روپے چار آنے۔

**روغن بادام شیریں** اس بات کی گارنٹی ہے کہ یہ روغن بالکل خالص بادام کی گری سے کشید کیا گیا ہے۔ مقوی دماغ ہے۔ دماغ کی خشکی کو دور کرکے گہری نیند لاتا ہے قبض کشا ہے۔ دائمی قبض کو دور کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے آنتوں کی خشکی رفع ہو جاتی ہے۔
ترکیب استعمال:- قبض اور آنتوں کی خشکی دور کرنے کے لیے ایک تولہ روغن پاؤ بھر نیم گرم دودھ میں ملا کر رات کو سوتے وقت پئیں۔ تقویت دماغ کے لیے رات کو یا کسی وقت تھوڑا سا یہ روغن اچھی طرح سر پر مل لیا کریں۔ قیمت:- چار تولے کا پیکنگ دو روپے چار آنے۔

**روغن صندل اصلی** نئے سوزاک میں مفید ہے۔ پیشاب کی نالی کے ورم میں تخفیف پیدا کرکے سوزش، جلن اور درد کو زائل کرتا ہے۔ ترکیب استعمال: دو بوند سے چار بوند تک کیپسول میں ڈال کر کھائیں۔ قیمت: ایک تولہ کی شیشی چھ روپے۔

**روغن سماعت کشا** ثقل سماعت (بہرے پن) کو دور کرتا ہے۔ تیز بخاروں کے بعد یا کسی اور وجہ سے اونچا سنائی دینے یا کان بند رہنے کی شکایت ہو گئی ہو تو اس کے لیے روغن سماعت کشا ایک آزمودہ چیز ہے۔ کانوں کی خشکی کو بھی دور کرتا ہے۔
ترکیب استعمال: نیم گرم دو دو قطرے صبح و شام کان میں ٹپکائیں۔ قیمت:- ایک تولہ کی شیشی چھ آنے

**روغن بواسیر** بواسیر میں مفید ہے۔ مسوں پر لگانے سے درد میں فوری تخفیف پیدا کرتا ہے اور مسوں کو بتدریج تحلیل کر دیتا ہے۔ ترکیب استعمال:- قدرے روغن اجابت سے فراغت کے بعد مسوں پر لگائیں۔ قیمت فی شیشی چار روپے۔

**روغن سورنجان** یہ روغن وجع المفاصل یعنی جوڑوں کے درد، عرق النساء (لنگڑی کے درد) نقرس (پاؤں کے انگوٹھے اور ٹخنے کے درد) میں خاص طور پر مفید ہے۔
ترکیب استعمال:- حسب ضرورت نیم گرم روغن کی مالش کریں اور مقام ماؤف کو ہوا سے محفوظ رکھیں
قیمت:- آٹھ تولے کی شیشی ایک روپیہ بارہ آنے۔

Marfat.com

**روغن سرخ و روغن قسط** یہ دونوں روغن فالج، لقوہ، تشنج، رعشہ اور ہر قسم کے اعصابی دردوں میں نہایت فائدہ مند ہیں۔ پٹھوں کو قوت دیتے ہیں۔ سردی کی وجہ سے اگر جسم کے کسی حصہ میں درد ہو تو وہ بھی ان کے استعمال سے جاتا رہتا ہے۔ **ترکیب استعمال**:۔ حسب ضرورت یہ روغن نیم گرم ملیں اور مقام ماؤف کو ہوا سے محفوظ رکھیں۔ **قیمت**:۔ ہر روغن چار تولے کی شیشی دو روپے دو آنے۔

**روغن کاہو و کدو** یہ دونوں روغن دماغ کی خشکی کو دور کر کے نیند لاتے اور دماغ میں طراوت پیدا کرتے ہیں۔ **ترکیب استعمال**۔ حسب ضرورت رات کو سوتے وقت سر پر آہستہ آہستہ مل کر جاذب کر دیں۔ **قیمت**:۔ کدو ۴ تولہ کی شیشی ایک روپیہ دو آنے قیمت کاہو: ۴ تولہ کی شیشی دو روپے دو آنے۔

## سی کو (رجسٹرڈ)

معدہ، جگر اور آنتوں کی بیماریوں کے لیے نہایت کامیاب دوا ہے۔ پیٹ کی گرانی، درد شکم، بھوک نہ لگنا، بدہضمی اور تلی کو دور کرتی ہے۔ جگر کا ورم اور جگر کی کمزوری بھی اس کے استعمال سے جاتی رہتی ہے۔ علاوہ ازیں پیٹ کی خرابی سے پیدا ہونے والے تمام بخاروں کو، نیز وہ پہنچاتی ہے ملیریا کے اثرات کو زائل کرتی ہے۔ ترکیب استعمال کا پرچہ شیشی کے ہمراہ ہوگا۔

قیمت:۔ فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے۔

**سوزی** نئے اور پرانے سوزاک میں مفید ہے۔ پیشاب کی سوزش اور پیپ کو بند کرتی ہے۔ سوزاک کے پرانے زخم کو مندمل کر دیتی ہے۔ **ترکیب استعمال**۔ ایک ایک قرص صبح و شام پانی یا دہی کی لسی سے کھائیں۔ **خصوصی پرہیز**:۔ گرم اشیا اور مرچوں سے قطعی پرہیز رکھیں۔

قیمت:۔ سولہ قرصوں کا پیکنگ دو روپے۔

**سنونِ جمیل** اس کا نسخہ مسیح الملک حکیم محمد جمیل خاں صاحب نے خاص طور پر رفاہِ عام کے لیے مرتب فرمایا ہے۔ یہ مسوڑوں سے خون آنے کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ دانتوں و مسوڑوں کو مضبوط بناتا ہے۔ گندہ دہنی اس کے چند روزہ استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ **ترکیب استعمال**:۔ حسب ضرورت یہ منجن صبح اور رات کو دانتوں پر ملیں۔ پندرہ بیس منٹ کے بعد گرم پانی سے کلی کر دیں۔ **خصوصی پرہیز**۔ برف کے پانی سے پرہیز ضروری ہے۔ قیمت فی ٹکس آٹھ آنے۔

Marfat.com

**سفوف مُدِر** ماہواری کا درد کے ساتھ اور کم مقدار میں آنا یا بالکل رُک جانا عورتوں کی زندگی کے لیے انتہائی مضر ہے۔ اس سے مختلف امراض کے پیدا ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔ سفوف مُدِر اس شکایت میں بہت مفید ہے۔ یہ خصیتین الرحم (OVARIES) کے افعال اور رحم کی غشائے مخاطی کو تحریک پہنچاتا ہے۔ اس کے استعمال سے بہت جلد حیض جاری ہو جاتا ہے اور مسلسل استعمال سے ایام باقاعدہ ہونے لگتے ہیں۔ **ترکیب استعمال** تین تین ماشے یہ سفوف صبح و شام پانی سے کھائیں۔ **ہدایت**:- ماہواری کے دوران میں استعمال نہ کریں۔ **قیمت** دس تولہ کا بکس سات روپے آٹھ آنے

**سفوف استحاضہ خاص** نسوانی امراض میں ایک تکلیف دہ مرض حیض کی زیادتی بھی ہے۔ خواتین اس میں مبتلا ہو کر اپنی صحت تباہ کر بیٹھتی ہیں۔ استحاضہ کا اگر فوری اور بروقت علاج نہ کیا جائے تو شدید کمی خون (انیمیا) پیدا ہو جاتی ہے اور کمزوری بہت بڑھ جاتی ہے۔ اس مرض کے لیے سفوف استحاضہ خاص نہایت بھروسہ کی چیز ہے۔ حیض کی زیادتی کو روکتا ہے۔ **ترکیب استعمال**: صبح و شام تین تین ماشے پانی یا دودھ کی لسی سے کھائیں۔ **قیمت**۔ تولہ کا پیکٹ بارہ آنے

**سفوف نمک سلیمانی خاص** مقوی معدہ (STOMACHIC) مصلح جگر، ہاضم اور کاسر ریاح (CARMINATIVE) ہے۔ تبخیر کو روکتا ہے، درد شکم اور گرانی کو دور کرتا ہے، بھوک لگاتا ہے۔ ہر وقت ہر گھر میں رکھنے کی چیز ہے۔ ترکیب استعمال:- تین تین ماشے صبح و شام یا بوقت ضرورت پانی سے کھائیں۔ **قیمت** فی شیشی چودہ آنے

**سفوف برص** پھلبہری (جسم پر سفید داغوں کا پڑ جانا) ناقابل علاج مرض سمجھا جاتا ہے، لیکن سفوف برص اس کی قابل اعتماد دواؤں میں سے ایک ہے۔ اگر اس کا باقاعدہ اور مسلسل استعمال رکھا جائے تو اس موذی مرض سے نجات مل جاتی ہے۔ شرط یہ ہے کہ مرض جسم کے زیادہ حصے پر پھیلا ہوا نہ ہو اور ہدایت کے مطابق پورا پورا پرہیز بھی رکھا جائے۔ **ترکیب استعمال**۔ چھ ماشے یہ سفوف مٹی کے کورے برتن میں رات کو ایک پاؤ نیم گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح نہار منہ صرف پانی نتھار کر پی لیں اور پھوک کو سرکہ خاص میں پیس کر داغوں پر لگائیں۔ غذا میں صرف چنے کی روٹی خوب گھی ڈال کر یا ملائم کی ہوئی کھچڑی استعمال کریں۔ باقی جملہ غذاؤں سے پرہیز رکھیں۔ **ہدایت**:- سفوف برص کم از کم تین ماہ تک متواتر استعمال کریں۔ قیمت:- تین ماہ کا کورس یعنی ۵ خوراک کا پیکٹ صرف سولہ روپے چودہ آنے۔

Marfat.com

**سفوفِ طباشیر** نئے اور پرانے سوزاک میں مفید ہے۔ سوزش کو دور کرتا ہے اور زخم کو بھرتا ہے۔ **ترکیب استعمال**:۔ چھ چھ ماشہ سفوف پانی یا دہی کی لسی سے صبح و شام کھائیں۔ **قیمت**:۔ دس تولہ کا پیکنگ چار روپے۔

**سفوف طحال** تلی کے ورم اور صلابت کو دور کرتا ہے۔ بڑھی ہوئی تلی کو اپنی اصلی حالت پہلے آتا ہے موسمی بخار یا کسی اور وجہ سے تلی بڑھ گئی ہو، ہاضمہ، جگر اور عام صحت خراب رہتی ہو تو اس سفوف کے استعمال سے سب خرابیاں بہت جلد دور ہو جاتی ہیں۔ **ترکیب استعمال**:۔ تین تین ماشے سفوف کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی کے ساتھ کھائیں۔ **قیمت**:۔ دس تولے کا بکس ڈیڑھ روپے

# شربت صدر

نزلہ و زکام اور اس سے پیدا ہونے والے جملہ امراض کی شافی دوا ہے۔ سل و دق، دمہ، نمونیہ، خشک کھانسی، پھیپھڑوں کی خشکی اور گلے کی خراش کو رفع کرتا ہے۔ حاد (ACUTE) اور مزمن (CHRONIC) برانکائیٹس میں یکساں مفید ہے۔ **ترکیب استعمال** کا پرچہ شیشی کے ہمراہ ہوگا۔
**قیمت**:۔ فی شیشی ایک روپیہ بارہ آنے۔

**شربت فولاد** خون کی کمی (ANEAMIA) میں نہایت مفید ہے۔ خون کے سرخ ذرات (ریڈ سیلز) اور ہیموگلوبین (حمرۃ الدم) کو بڑھاتا ہے۔ جگر کی کمزوری کو زائل کرتا ہے اعصاب کو قوت دیتا ہے۔ خون صالح پیدا کر کے رنگ کو نکھارتا اور سرخ و سپید بناتا ہے۔ **ترکیب استعمال** کا مطبوعہ پرچہ شیشی کے ہمراہ ہوگا۔ **قیمت** فی شیشی دو روپے۔

**شربت بزوری معتدل** پیشاب کا ادرار کرتا ہے۔ مثانہ جگر اور گردوں کے فضلات کو پیشاب کے ذریعے خارج کر دیتا ہے۔ بخار کے بعد کی تبخیری کیفیت اس کے استعمال سے جاتی رہتی ہے۔ عسر البول (پیشاب کا مشکل سے آنا)، پیشاب کی جلن اور سوزاک کی شکایت میں بھی مفید ہے۔ **ترکیب استعمال**:۔ چار تولہ شربت عرق گاؤزبان بارہ تولہ میں ملا کر روزانہ پئیں
**قیمت**: فی بوتل تین روپے آٹھ آنے۔

Marfat.com

# شربت کوثر (رجسٹرڈ)

مسکن و مفرح دواؤں اور پھلوں پھولوں کے جوہروں کی آمیزش سے تیار کیا ہوا یہ خوش ذائقہ خوش رنگ اور خوشبودار شربت بہترین مفرح ہے۔ پھلوں کی حیاتین سے بھرپور ہے۔ دل و دماغ کو قوت دیتا ہے، صفرا کی زیادتی کو دور کرتا ہے۔ موسم گرما میں پیاس کی شدت اور لو کے اثر سے محفوظ رکھتا ہے۔ دھوپ یا لو میں جن کا وقت گذرتا ہو یا جو زیادہ دماغی کام کرتے ہوں ان کے لیے یہ ایک نعمت ہے۔ ایک گلاس پینے سے جسم کی تھکاوٹ دور ہو کر چہرہ پر تازگی آجاتی ہے۔ نوخیز بچوں کو گرمی کی شدت سے محفوظ رکھنے اور پیاس سے بچانے کے لیے شربت کوثر استعمال کرایئے۔ اپنے احباب اور مہمانوں کی تواضع اس مشہور اور ہر دلعزیز شربت سے کیجیے۔ شربت کوثر کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے۔

ترکیب استعمال:۔ عام شربتوں کی طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

قیمت:۔ فی بوتل چار روپے۔

**شربت صندل** موسم گرما میں بکثرت استعمال کیا جاتا ہے۔ نہایت خوش ذائقہ خوشبودار اور مفرح ہے۔ دل کو قوت دیتا ہے۔ خفقان اور جگر کی حدت کو دور کرتا ہے۔ ترکیب استعمال:۔ چار تولے شربت حسب خواہش پانی ملا کر پئیں۔ قیمت: فی بوتل تین روپے آٹھ آنے۔

**شربت انجبار** پیچش، خونی بواسیر، خونی قے، سل اور خونی دستوں کی شکایات میں مفید ہے۔ حیض کی زیادتی کو روکتا ہے۔ ترکیب استعمال:۔ چار تولے شربت حسب ضرورت پانی میں ملا کر روزانہ پئیں۔ قیمت: فی بوتل تین روپے آٹھ آنے۔

**شربت اعجاز** خشک کھانسی میں مفید ہے اور سل و دق میں بھی بکثرت استعمال کرایا جاتا ہے۔ ترکیب استعمال:۔ چار تولے شربت عرق گاؤزبان بارہ تولے میں ملا کر روزانہ پئیں۔ قیمت:۔ فی بوتل تین روپے آٹھ آنے۔

**شربت ارزانی** قبض کشا ہے۔ نزلی رطوبات کا اخراج کرتا ہے اور نزلہ زکام میں مفید ہے۔ ترکیب استعمال:۔ چار تولے شربت پانی میں ملا کر روزانہ سوتے وقت پئیں۔ قیمت فی بوتل۔ تین روپے آٹھ آنے۔

Marfat.com

**شربت توت سیاہ (شہتوت)** گلے کی خراش، غدد کا متورم ہو جانا، (TONSILLITIS) اور آواز کا بیٹھ جانا، ان سب شکایتوں میں شربت شہتوت نہایت کامیاب ہے۔ **ترکیب استعمال:** چھ چھ ماشہ شربت دن میں آٹھ دس مرتبہ تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد چاٹیں اور چار تولہ شربت ایک گلاس گرم پانی میں جوش دے کر غرارے بھی کریں۔ قیمت: فی بوتل تین روپے آٹھ آنے۔

**شربت وردمکرر** معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے، جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے اور قدرے ملین بھی ہے۔ **ترکیب استعمال** - چار تولے شربت بارہ تولے عرق گاؤزباں میں ملاکر پئیں۔ قیمت: فی بوتل تین روپے آٹھ آنے۔

**شیاف داد** داد کی بہترین دوا ہے۔ نئے اور پرانے داد کو کسی سوزش اور جلن کے بغیر رفع کر دیتا ہے۔ **ترکیب استعمال** - ایک شیاف تھوڑے سے حقے کے استعمال شدہ پانی میں گھس کر داد پر لگائیں۔ قیمت: بارہ شیاف ایک روپیہ آٹھ آنے۔

# صبیانی

آج ہی کے بچے کل کے قائد ہیں۔ ماں باپ کا نام روشن کرنے کے ساتھ اپنے ملک کی قابل فخر خدمات انجام دینے کی ذمہ داری بھی مستقبل میں ان ہی سے وابستہ ہے۔ لیکن یہ اسی وقت ممکن ہے کہ ابتدا ہی سے بچوں کی صحت و تندرستی کا خیال رکھا جائے۔ ایام طفولیت خصوصاً دانت نکلنے کے زمانہ میں اکثر بچوں کی صحت تباہ ہو جاتی ہے اور ان کے مستقبل اور نشوونما پر اس کا گہرا اثر پڑتا ہے لیکن دور اندیش اور نگہداشت کی صحیح ذمہ داریاں محسوس کرنے والے ماں باپ کے بچے ہمیشہ صحتمند اور تندرست و توانا رہتے ہیں۔ صبیانی بلاشبہ ایک ایسا مفید بے بی ٹانک ہے جس کے استعمال سے بدہضمی، ضعف معدہ اور دستوں کی شکایت بالکل جاتی رہتی ہے دانت آسانی سے نکل آتے ہیں اور بچہ پر خطر اور مہلک امراض سے محفوظ رہتا ہے۔ **ترکیب استعمال:** بچے کو دودھ پلانے کے بعد "صبیانی" کی ایک ایک خوراک تھوڑے سے پانی میں ملاکر صبح و شام پلائیں۔ اگر بچہ ماں کا دودھ پیتا ہو تو ماں کو زیادہ گرم اور ثقیل اشیاء سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ قیمت: فی شیشی ایک روپیہ چار آنے۔

Marfat.com

**صفائی اکسیری** خون کو صاف اور جلد کے فعل کو درست کرتی ہے۔ جلد کی قوت مدافعت کو بڑھاتی ہے۔ اس کے استعمال سے پھوڑے پھنسیاں، داد، خارش، چھپاکی، چھاجن اور گرمی دانے وغیرہ دور ہو جاتے ہیں۔ چھیپ، چھائیوں، اور مہاسوں کو بھی زائل کرتی ہے۔
ترکیب استعمال:- صبح کو تین ماشے تھوڑے سے پانی میں گھول کر پی لیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق ایک ماشہ تک دیں۔ قیمت: پانچ تولے کا پیکنگ دو روپے۔

**ضماد سنبل الطیب** نسوانی امراض میں اس کے فوائد خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ ورم رحم، صلابت رحم، نلوں کی گھٹن وغیرہ کو زائل کرتا ہے۔ متانی دوران خون کی تعدیل کرتا ہے ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ دواخانہ حکیم اجمل خاں کے مخصوص مجربات میں سے ہے۔ ترکیب استعمال: ناف سے نیچے نلوں کے آس پاس یہ ضماد نیم گرم لیپ کریں اور اوپر سے کوئی کپڑا لپیٹ دیں۔ صبح کو صاف کر دیں۔
قیمت:- دس تولے کا پیکنگ دو روپے آٹھ آنے۔

**ضماد جالینوس** معدہ، جگر، اور طحال (تلی) کی سختی کو زائل کرتا ہے اور ان اعضاء کے ورموں کو بھی تحلیل کر دیتا ہے۔ ترکیب استعمال۔ رات کو سوتے وقت مقام ماؤف پر نیم گرم لیپ کریں۔ اور اوپر سے کوئی کپڑا لپیٹ دیں۔ قیمت:- دس تولہ کا پیکنگ دو روپے آٹھ آنے۔

**ضماد طحال** تلی کی سختی اور ورم میں مفید ہے۔ ترکیب استعمال:- کپڑے پر یہ ضماد لگا کر نیم گرم مقام طحال پر باندھیں۔ قیمت: دس تولہ کا پیکنگ دو روپے آٹھ آنے۔

**ضماد ورم انثیین (بشکل سفوف)** فوطوں کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اگر چوٹ کی وجہ سے ورم ہو گیا ہو تو وہ بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ ترکیب استعمال: تین ماشے ضماد کو پانی میں ملا کر صبح اور رات کو سوتے وقت فوطوں پر لیپ کریں۔ قیمت:- دو تولہ کا پیکنگ چھ آنے۔

## طلاء مسمن

بچپن کی لغزشوں اور بد عنوانیوں کی وجہ سے اکثر عضو مخصوص کو صحیح نشوونما کا موقع نہیں ملتا اور وہ ساخت کے اعتبار سے لاغر رہ جاتا ہے۔ یہ طلاء اس شکایت کو دور کر کے عضو کو فربہ کرتا ہے۔ یہ عضو کے خانہ دار اسفنجی اجسام اور ریشوں کی لچک اور وسعت میں اضافہ کرتا ہے جس سے وہ نعوظ کے وقت پوری طرح پھولتے ہیں۔
ترکیب استعمال کا پرچہ دوا کے ہمراہ ہوگا۔ قیمت:- فی شیشی دو روپے آٹھ آنے۔

Marfat.com

# طلاء عطر اگر کہنہ

نہایت قیمتی دواؤں اور پرانے عطر اگر کی آمیزش سے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ عضو مخصوص کے حجم اسفنجی اور اس کے لچکدار ریشوں میں بہت جلد جذب ہو کر اپنا عمل شروع کر دیتا ہے۔ بجید خوشبودار ہونے کے علاوہ ممسک ملذذ بھی ہے۔ اپنی نوعیت کا واحد طلاء ہے جس میں تینوں خصوصیات یکجا موجود ہیں۔ رؤسا امراء میں بے حد مقبول ہے۔ مضرت رساں اور سوزش پیدا کرنے والے اجزاء سے پاک ہے۔

ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ ہو گا۔ قیمت: ایک ماشہ کا پیکنگ دس روپے۔

## طلاء مسیحی

بیش قیمت عطریات کا یہ مرکب عضو خاص کی استرخائی کیفیت (ڈھیلے پن) کو زائل کر کے غیر معمولی صلابت (سختی) پیدا کرتا ہے۔ عضو مخصوص کے اعصاب عضلات اور شرائین وادردہ کی ضائع شدہ قوتوں کو بحال کرتا ہے۔ ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ ہو گا

قیمت: تین ماشے کا پیکنگ بارہ روپے۔

## طلاء معطر

ملذذ ہے۔ مردانہ و زنانہ اعضائے خاص کے محیطی اعصابی ریشوں (PERIPHRAL NERVE FIBRES) میں تحریک پیدا کر کے طرفین کو یکساں طور پر محظوظ کرتا ہے۔ ازدواجی زندگی کو شادمانی و کامرانی سے ہمکنار کرنے کے لیے بیش بہا تحفہ ہے۔ نہایت خوشبودار اور مفید ہے۔

ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ ہو گا۔ قیمت: تین ماشے کا پیکنگ چھ روپے۔

## طلاء مقوی

عضو مخصوص کی زائل شدہ قوت کو بحال کرتا ہے۔ بالخصوص ایسے ضعف باہ در مردانہ کمزوری میں جو کثرت جماع کا نتیجہ ہو، بے حد مفید ہے۔ سن رسیدہ اور یکسر مایوس نوجوان بھی اس کے باقاعدہ استعمال سے جنسی زندگی کی رعنائیوں کا دوبارہ لطف اٹھانے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ یہ عضو مخصوص کی طرف دورانِ خون کو باقاعدہ اور تیز کر کے مردانہ قوت کو بڑھاتا ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے کئی مایوس افراد از سرِ نو شباب کی دلآویزیوں سے لطف اندوز ہونے کے قابل ہو گئے ہیں۔

ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ ہو گا

قیمت: تین ماشے کا پیکنگ تین روپے۔

Marfat.com

**طلاء ممسک خاص** جنسی لغزشوں بے اعتدالیوں اور جسمانی کمزوری کی وجہ سے عام طور پر قوت امساک کم ہو جاتی ہے۔ ایسی حالتوں میں یہ طلاء نہایت مفید ہے۔ طلاء ممسک کی بدولت انسان وقتی ندامت سے محفوظ رہتا ہے۔ یہ طلاء ذکاوت حس کے لیے بھی ایک کامیاب دوا ہے۔ ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ ہوگا۔ قیمت: تین ماشے کی شیشی تین روپے

**طلاء عجیب** یہ طلاء بچپن کی غلط کاریوں سے پیدا شدہ جملہ عوارض، رگوں کا ابھار، کجی، لاغری اور کوتاہی کو دور کر کے جماع کے قابل بناتا ہے۔ عضو مخصوص کے عضلات و اعصاب اور دیگر ساختوں کو خون سے پُر کر کے ان کی پرورش اور غذائی نظام کو بحال کرتا ہے۔ اسی لیے قدرے آلہ انگیز ہے۔ ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ ہوگا۔ قیمت: فی شیشی تین روپے۔

**طلاء مخدر** جلق، اغلام اور کثرت جماع سے پیدا شدہ ذکاوت حس کو دور کرتا ہے۔ جریان، احتلام کے علاج کے ساتھ اس طلا کا استعمال بھی ضروری ہے۔ مرض کو دور کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ بیضرر ہے۔ ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ ہوگا۔ قیمت: دو تولے کی شیشی تین روپے۔

# عرق ماء اللحم خاص اجملی

اجمل اعظم ؒ کے خاص مجربات میں سے ہے۔ اس عرق کو جدید سائنٹفک اصولوں کے مطابق تیار کیا جاتا ہے۔ مختلف پرندوں کے گوشت اور بہترین مقوی دواؤں کا مرکز (CONCENTRATED) خلاصہ ہے جس میں بہ ترکیب خاص مشک، عنبر، زعفران جیسی قیمتی اور خصوصی ادویہ کی آمیزش کی جاتی ہے۔ عام جسمانی کمزوری، کم ہمتی، خیالات کی پستی اور چہرے کی پژمردگی کو دور کرتا ہے۔ دل، دماغ، جگر، معدہ اور گردوں کو قوت پہنچاتا ہے۔ جنسی قوتوں کا محافظ ہے۔ غدۂ تناسلیہ (ریپروڈکٹری گلینڈ) کلاہ گردہ (ایڈرینل گلینڈز) کے ان حصوں کو تحریک پہنچاتا ہے۔ جو جنسی ہارمون کی باقاعدگی کے لیے ضروری ہیں۔ عرق ماء اللحم خاص اجملی مردوں اور عورتوں کے لیے یکساں مفید ثابت ہوتا ہے۔ ترکیب استعمال:- پانچ تولے عرق میں تھوڑی چینی ملا کر روزانہ صبح کے وقت پئیں۔ یا وہ گرم مزاج والے حضرات چینی کے بجائے شربت انار شیریں یا شربت کوثر ۲ تولہ ملا کے نوش فرمائیں۔ قیمت:- فی بوتل دس روپے۔

Marfat.com

**عرقِ عنبر** اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے اگر کسی وجہ سے جسم سے زیادہ خون نکل گیا ہو تو اس کا فوری استعمال ضعف و اضمحلال سے محفوظ رکھتا ہے۔ ترکیب استعمال:۔ پانچ تولہ عرق روزانہ صبح نہار منہ پئیں یا بوقت ضرورت استعمال کریں۔
قیمت:۔ فی بوتل چار روپے۔

**عرقِ سوزاک اکسیر** سوزاک کے لیے حکمی دوا ہے پیپ کو روکتا ہے سوزش کو تین چار دن کے اندر اندر دور کر دیتا ہے اور زخم کو بھرتا ہے۔ ترکیب استعمال:۔ شیشی کو اچھی طرح ہلا کر ایک خوراک صبح، ایک شام اور ایک رات کو سوتے وقت پئیں۔ قیمت فی شیشی چار روپے

**عرقِ مسیحی** کھانسی اور سینہ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ سل و دق کی بیماری میں مفید ہے پھیپھڑوں کی قوتِ مدافعت کو بڑھاتا ہے اور دق کے جراثیم کو ہلاک کرتا ہے! اجمل اعظم کے خاص مجربات میں سے ہے۔ ترکیب استعمال:۔ پانچ پانچ تولے صبح و شام پئیں۔ مخصوص پرہیز: مرچ اور ترشی سے۔ قیمت:۔ فی بوتل چار روپے۔

**عطرِ عیش** عضو کے سطحی حصہ میں جذب ہو کر ساختوں کو گرم رکھتا ہے۔ خانہ دار اسفنجی اجسام میں زیادہ خون بھرنے کی گنجائش پیدا کر کے کامل انتشار پیدا کرتا ہے جس سے لذت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ازدواجی زندگی کی رنگین راتوں کو پرکیف بنانے کے لیے عطرِ عیش ایک گراں قدر تحفہ ہے۔ ترکیب استعمال کا پرچہ دوا کے ہمراہ ہوگا۔ قیمت: تین ماشے کی شیشی دو روپے آٹھ آنے۔

**قرص عجیب احتلام** جوانی کی غلط کاریوں کے ساتھ ساتھ جریان و سرعت کی طرح آج کل کثرتِ احتلام کی شکایت بھی عام ہے اور اس کے نتائج جریان جیسے موذی مرض سے کم خطرناک نہیں۔ اس سے بھی مادۂ تولید کے بکثرت اخراج کے باعث دماغی جسمانی اور مردانہ قوتیں انتہائی کمزور ہو جاتی ہیں۔ متوازن جنسی ہارمونوں کے فوائد سے جسم محروم ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے پست ہمتی، چڑچڑا پن بدمزاجی اور بزدلی جیسے رجحانات نمایاں ہوتے ہیں۔ قرص عجیب احتلام کثرتِ احتلام کی ایک مانی ہوئی دوا ہے۔ ان قرصوں کے استعمال سے احتلام کی شکایت خواہ کتنی ہی پرانی کیوں نہ ہو جاتی رہتی ہے اور ضائع شدہ قوتیں بھی جلد ہی بحال ہو جاتی ہیں۔ ھدایت:۔ اگر مہینہ میں ایک دو مرتبہ احتلام ہو جائے تو اس کا مرض میں شمار نہیں۔ ترکیب استعمال:۔ ایک قرص دوپہر کو کھانا کھانے کے فوراً بعد پانی سے کھائیں۔ قیمت: سو قرصوں کا بکس دو روپے

# قرصِ نقرہ مرکب

ہر شخص کی ترقی اور کامیابی اس کی دماغی صلاحیتوں اور قوتوں پر موقوف ہے۔ دماغی محنت اینج دغم دائمی نزلہ و زکام اور جوانی کی غلط کاریوں سے اعصابی قوت بہت جلد زائل ہوجاتی ہے جس کے نتیجے میں یادداشت کمزور ہوجاتی ہے۔ خیالات بھٹکتے ہیں اور معمولی دماغی محنت سے اعصابی تکان محسوس ہونے لگتی ہے۔ اس کمی کو اگر وقت پر پورا نہ کیا جائے تو انسان کی ترقی کے راستے مسدود اور اس کا مستقبل تاریک ہوجاتا ہے۔ قرص نقرہ مرکب عالیجناب مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب رئیس اعظم دہلی کی ایجاد ہے۔ جو زائل شدہ اعصابی قوتوں کو بحال کرنے میں انتہائی مفید و کارآمد ثابت ہوئے ہیں۔ ضعف دماغ کی شکایت کسی وجہ سے ہو ان قرصوں کو چند روز استعمال کرلینے سے رفع ہوجاتی ہے۔ اور انسان زیادہ سے زیادہ دماغی کام کرنے کے باوجود اپنے کو تازہ دم پاتا ہے۔ یہ قرص حافظہ کو بڑھاتے ہیں۔ غور و فکر کی صلاحیت میں اضافہ کرتے ہیں۔ سر چکرانے اور اعصابی تکان کی شکایتوں کو دور کرتے ہیں۔ دماغی کام کرنے والے حضرات اور طلبہ کے لیے قرص نقرہ مرکب ایک بیش بہا نعمت ہیں۔ ترکیب استعمال:- ایک قرص مکھن ایک تولہ یا خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ماشہ میں ملا کر صبح نہار منہ کھائیں اور کم از کم ایک ماہ مسلسل استعمال کریں۔

قیمت:- تیس قرصوں کا بکس تین روپے۔

**قرص صدر** قرص صدر کا نسخہ مسیح الملک حکیم جمیل خاں صاحب رئیس اعظم دہلی نے خاص طور پر غربا اور مفلوک الحال عوام کے لیے ترتیب دیا ہے۔ یہ ہر قسم کی کھانسی، دمہ، دق و سل اور تبخیری کیفیت میں نہایت کامیاب و مجرب ہیں۔ بڑھتی ہوئی کمزوری کو دور کرتے ہیں۔ ترکیب استعمال ایک ایک قرص صبح و شام شربت صدر ایک خوراک میں ملا کر پئیں۔ اگر مرض شدید ہو تو کم از کم تین ماہ تک مسلسل ان کو استعمال کرنا چاہیئے۔ قیمت:- تیس قرصوں کا بکس دو روپے۔

**قرص ملین** بے ضرر دست آور اور دافع قبض ہیں۔ ان کے استعمال سے ایک دو اجابتیں بفراغت آجاتی ہیں۔ ترکیب استعمال:- ایک یا دو قرص رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت:- تیس قرصوں کا بکس ایک روپیہ۔

Marfat.com

**قرص ممسک جدید** سرعت انزال کی شکایت خواہ کسی سبب سے ہو، ان قرصوں کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ یہ باہ کے مراکز پر عمل کر کے انزال کی جلد جلد واقع ہونے والی تحریکات کو روکتے ہیں۔ دماغ سے ناکامی کا خوف دور کرتے ہیں۔ ان کے استعمال سے انسان ذہنی پشیمانی و شرمندگی سے محفوظ رہتا ہے۔ ترکیب استعمال:- دو قرص رات کو سوتے وقت ایک کپ نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں اور ترشی سے پرہیز رکھیں۔ قیمت:- تیس قرصوں کا بکس چار روپے۔

**قرص نسواں** آجکل خواتین میں سیلان الرحم کی شکایت عام ہے۔ اس مرض کے باعث اکثر خواتین لاغری، کمزوری، چہرے کی بے رونقی، کمر اور پنڈلیوں کے درد، سستی، کاہلی، عضا شکنی، ضعف اور دوران سر وغیرہ عوارض کا شکار رہتی ہیں۔ "قرص نسواں" سیلان الرحم کی نہایت کامیاب دوا ہے۔ یہ جنرل ٹانک اور مقوی رحم ہیں۔ خون کی کمی، اور عام کمزوری کو رفع کرتے ہیں۔ ان کے استعمال سے رحم مضبوط ہو جاتا ہے۔ اگر اسقاط کی شکایت ہو تو مسلسل استعمال سے وہ بھی دور ہو جاتی ہے۔ ترکیب استعمال: صبح نہار منہ دو قرص ایک پیالی نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ جن عورتوں کا حمل ساقط ہو جاتا ہو، انھیں تیسرے سے ساتویں مہینہ تک یہ قرص مسلسل استعمال کرنے چاہیئں۔ پرہیز: ترش اور گرم اشیاء سے۔ قیمت:- فی بکس چار روپے۔

**قرص مصفی مرکب** یہ قرص جسم سے زہریلے مادوں کا اخراج کر کے خون کو صاف، صحت آلائشوں سے پاک کرتے ہیں۔ جلد اور خون کے فاسد رد عمل سے پیدا ہونے والے عوارض، پھوڑے پھنسی، خارش، دھاسے، چھائیوں وغیرہ کو دور کرنے میں نہایت کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ خون میں سے سوزاک، آتشک، ناسور یا بیریا، رجذام وغیرہ کی سمیت کو زائل کرتے ہیں۔ ترکیب استعمال: ایک ایک قرص صبح و شام پانی یا عرق مرکب مصفی خون ۱۲ تولے کے ساتھ کھائیں۔ قیمت: تیس قرصوں کا بکس دو روپے۔

**قرص دمہ** دمہ ربا ہو یا پرانا، سرد و صورتوں میں یہ قرص مفید و کامیاب ہیں۔ سانس کی نالیوں کا تشنج رفع کر کے تنگی تنفس اور دم کشی سے نجات دلاتے ہیں۔ پھیپھڑوں کے چھوٹے چھوٹے ہوائی خانوں (ALVEOLI) اور شعبچوں (BRONCHIOLES) میں سے چپچپا اور لیسدار بلغم سہولت سے نکلتے ہیں۔ اجمل اعظم کے خاص مجربات میں سے ہیں۔ ترکیب استعمال: ایک ایک قرص صبح و شام ایک بڑا چمچہ (TABLESPOONFUL) شربت صدر میں ملا کر چاٹیں۔ بادی، ثقیل اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔ قیمت تیس قرصوں کا بکس دو روپے۔

Marfat.com

**قرص کلاں**

سیلان الرحم (لیکوریا) کی شکایت میں قرص کلاں نہایت مفید و مجرب ہیں۔ یہ عارضہ نیا ہو یا پرانا ان کا استعمال ہر حال میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ کمر کے درد پیڑو کے درد اور طبیعت کے اضمحلال کو دور کرتے ہیں۔ رحم کے اندرونی استر (ENDOMETRIUM) کے ضعف کو دور کر کے رطوبت کے اخراج کو روکتے ہیں۔ **ترکیب استعمال**؛ دو قرص صبح نہار منہ پاؤ سیر دودھ کے ساتھ کھائیں۔ ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ **قیمت** تیس قرصوں کا بکس چار روپے

**قرص ذریس**

پیشاب کے بار بار یا قطرہ قطرہ آنے کی شکایت کو دور کرتے ہیں۔ گردوں اور مثانہ کو قوت پہنچاتے ہیں۔ ذیابیطس میں بھی نہایت مفید ہیں۔ ترکیب استعمال:۔ ایک یا دو قرص صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔ بادی ٹھنڈی چیزوں سے اور ذیابیطس میں شکر و نشاستہ دار اشیا سے پرہیز کریں۔ **قیمت**: تیس قرصوں کا بکس دو روپے۔

**قرص جریان**

مادہ تولید اور اس کے متعلقہ اعضا کی اصلاح کرتے ہیں اور اس کے بے موقع اخراج کو روکتے ہیں۔ اوعیہ منی اور غدہ قدامیہ کو قوت پہنچاتے ہیں۔ جریان کے لیے قرص جریان ایک نہایت ارزاں اور کامیاب دوا ہے۔ جریان نیا ہو یا پرانا قرص جریان ہر حال میں اپنا اثر دکھاتے ہیں۔ **ترکیب استعمال**۔ دو قرص صبح نہار منہ پاؤ سیر نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ بادی ثقیل ترش اشیا اور خیالات فاسدہ سے پرہیز کریں۔ **قیمت**:۔ اسّی قرصوں کا بکس دو روپے آٹھ آنے۔

**قرص آملہ اولوی**

آنتوں اور معدے کو قوت دیتے ہیں۔ آنتوں کی کمزوری سے جو دست آتے ہیں انھیں روکتے ہیں۔ معدہ یا آنتوں کی خرابی سے جو تبخیر ہو جاتی ہے اسے دور کرتے ہیں ترکیب استعمال:۔ ایک ایک قرص صبح و شام پانی سے کھائیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق نصف سے چوتھائی دیئے جاتے ہیں۔ **قیمت**: تیس قرصوں کا بکس دو روپے۔

**قرص سوزاک**

سوزاک میں مفید ہیں۔ پیشاب کی سوزش اور جلن کو رفع کرتے ہیں۔ ان کے استعمال سے پیپ رک جاتی ہے۔ پیشاب کی نالی صاف رہتی ہے اور زخم بھی بہت جلد بھر جاتا ہے۔ **ترکیب استعمال**:۔ دو قرص معجون ایک خوراک کے ہمراہ صبح و شام استعمال کریں نیا دودھ گرم اشیا، تیل ترشی اور مرچوں سے پرہیز کریں۔

**قیمت**:۔ تیس قرصوں کا بکس دو روپے۔

Marfat.com

**قرص بواسیر خاص** بواسیر بادی جو بلغونی نہایت تکلیف دہ مرض ہے۔ قرص بواسیر دونوں قسموں کا بہترین علاج ہیں۔ یہ قرص خون کو روکتے ہیں۔ مسوں کی سوزش اور تکلیف کو دور کر کے انھیں خشک کر دیتے ہیں۔ ترکیب استعمال :- دو دو قرص صبح و شام پانی یا دہی کی لسی کے ساتھ کھائیں۔ قیمت :- تیس قرصوں کا بکس چار روپے۔

**قرص افسنتین خاص** ضعفِ جگر، ورم جگر اور جگر کے بڑھ جانے کی شکایات میں بہت مفید ہیں۔ ان کا استعمال جگر کے فعل کو درست کرتا ہے اور موسمی بخار کے اثرات کو رفع کر دیتا ہے۔ ترکیب استعمال ایک ایک قرص صبح و شام پانی سے کھائیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق نصف سے چوتھائی تک استعمال کرائیں۔ چکنی اور میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں۔ قیمت: تیس قرصوں کا بکس ایک روپیہ۔

**قرص حصاۃ** گردہ، مثانہ اور پتہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکالتے ہیں۔ قرص حصاۃ کی بدولت کئی مریض آپریشن کی تکلیف کے بغیر پتھری کی مصیبت سے نجات حاصل کر چکے ہیں۔

**ترکیب استعمال :-** دو قرص سکنجبین بزوری ۲ تولہ میں ملا کر روزانہ صبح نہار منہ چبائیں۔ قیمت تیس قرصوں کا بکس دو روپے

**قرص مفاصل** جوڑوں کے درد، گٹھیا، عرق النساء، لنگڑی کے درد اور نقرس ٹخنے اور پاؤں کے انگوٹھے کے درد میں بہت مفید ہیں۔ درد کو تسکین پہنچاتے ہیں اور فاسد مادوں کا اخراج کرتے ہیں اور جوڑوں میں سے گٹھیا کے مادوں کو زائل کرتے ہیں۔ نقرس میں جوڑوں کے اندر سوڈیم بائی یوریٹ کا اجتماع روکتے ہیں۔ ترکیب استعمال دو یا تین قرص رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی سے کھائیں۔ قیمت ۲۴ قرصوں کا بکس دو روپے

**قرص مسیحی** یہ قرص پرانے بخاروں اور خشک کھانسی میں مفید ہیں۔ مسلسل استعمال کیے جائیں تو جراثیم دق وسل (ٹیوبرکل بیسلائی) کو کمزور کر کے ان کی شدت اور سمیت کو دور کر دیتے ہیں جس سے بخار اتر جاتا ہے کمزوری رفع ہو جاتی ہے۔ وزن بڑھنے لگتا ہے اور کھانسی دور ہو جاتی ہے۔ ترکیب استعمال :- ایک ایک قرص صبح و شام عرق گاؤزبان ۲ تولہ، خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا ۵ ماشہ کے ساتھ کھائیں۔ قیمت ۲۴ قرصوں کا بکس چار روپے

**قرص سہیل** معدے کے درد اور سوء ہضم (DYSPEPSIA) کو دور کرتے ہیں اور آنتوں کو قوت پہنچاتے ہیں۔ بچوں کو دانت نکلنے کے زمانے میں جو دست آنے لگتے ہیں انہیں کسی قسم کی تکلیف کے بغیر روک دیتے ہیں۔ ترکیب استعمال دوپہر اور رات کو کھانے کے فوراً بعد تین یا چار قرص پانی کے ساتھ کھائیں۔ بچوں کو عمر کے مطابق ایک سے دو قرص تک دیں۔ قیمت :- چونسٹھ قرصوں کا بکس ایک روپیہ۔

Marfat.com

**قرصِ جمیل** ملیریا ایک کثیر الوقوع مرض ہے اور ہر سال ہمارے ملک کے لاکھوں عوام اس کی وجہ سے صحت و دولت کی بربادی سے دوچار ہوتے ہیں۔ دواخانہ حکیم اجمل خاں کے شعبۂ ریسرچ نے عوام الناس کی خدمت کے جذبے کے پیش نظر قرص جمیل کا نسخہ مرتب کیا ہے۔ یہ اس مرض کی بیخ کنی کے لیے بہت موثر ہیں۔ مضر اجزا سے پاک ہیں۔ کم قیمت بھی ہیں اور روزانہ تین چار روز کے استعمال سے ہی مرض کا حملہ رک جاتا ہے۔ یہ قرص ملیریا کی ہمیت کو بھی دور کرتے ہیں اور ملیریا کی روک تھام کے لیے بطور حفظ ماتقدم بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔ ترکیب استعمال کا پرچہ ہمراہ ہوگا۔

قیمت: ۶۴ قرصوں کا بکس ایک روپیہ۔

**قلاعی** منہ کے دانوں، چھالوں اور زخموں کے لیے مفید ہے۔ منہ آنے (STOMATITIS) کی بہترین دوا ہے۔ اگر دوا حلق کے اندر چلی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ بے ضرر ہے۔

ترکیب استعمال:۔ حسب ضرورت رات کو سوتے وقت منہ میں چھڑکیں اور صبح کو گرم پانی سے کلی کر دیں۔

قیمت: فی شیشی ایک روپیہ۔

**کحل الجواہر** فی زمانہ ضعفِ بصارت کی شکایت عام ہوتی جا رہی ہے۔ سینما بینی، تیز روشنی میں پڑھنا لکھنا اور جوانی کی لغزشیں یہ وہ اسباب ہیں جو بالعموم ضعفِ بصارت (نظر کی کمزوری) کا سبب بنتے ہیں۔ اس کے لیے کحل الجواہر ایک مجرب و آزمودہ سرمہ ہے۔ اور عرصہ دراز سے طبِ یونانی کے شاہکار معمولات میں شامل ہے۔ اس کے استعمال سے نظر کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ گرتی ہوئی بینائی کے لیے بطور حفظ ماتقدم بھی بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ ترکیب استعمال: سلائی سے صبح و شام آنکھوں میں لگائیں۔ ترش اشیاء سے پرہیز رکھیں۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے۔

**کحل مامیراں** بینائی کو قوت دیتا ہے آنکھوں کو صاف رکھتا ہے۔ دھند غبار وغیرہ میں مفید ہے۔ ترکیب استعمال: سلائی سے صبح و شام آنکھوں میں لگائیں۔

قیمت: فی شیشی ایک روپیہ۔

**کحل چکنی دوا** جالا، دھند اور ابتدائی نزول الماء میں مفید ہے۔ ترکیب استعمال:۔ باجرہ کے دانے کے برابر یہ دوا دو تین قطرے پانی میں حل کریں اور سلائی سے آنکھوں میں دن میں تین چار مرتبہ لگائیں۔ قیمت فی کورس ایک روپیہ۔

Marfat.com

# کشتہ طلا اعظم (رجسٹرڈ)

مردانہ قوت کو بڑھاتا ہے جسم میں چستی اور اعصاب میں توانائی پیدا کرتا ہے اور ہر مزاج اور ہر عمر میں یکساں مفید ثابت ہوتا ہے۔ دل دماغ اور جگر کے افعال کو درست کر کے قوت بخشتا ہے۔ پژمردہ اور بیمار چہرے کشتہ طلاء اعظم کے استعمال سے سرخ و شاداب ہو جاتے ہیں۔ خالص سونے اور دیگر قیمتی جواہرات کا بیش بہا مرکب ہے۔ ترکیب استعمال :- ایک قرص صبح ایک قرص شام ایک تولہ مکھن میں ملا کر کھائیں

قیمت : سولہ قرصوں کی شیشی پندرہ روپے۔

**کشتہ طلا کلاں** اعضائے رئیسہ (دل و دماغ اور جگر) کو قوت پہنچاتا ہے۔ اعصاب کو قوی کر کے جسم کو مضبوط بناتا ہے۔ حرارت غریزی اور ارواح کا محافظ ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری اور عام کمزوری (GENERAL DEBILITY) اس کے استعمال سے بہت جلد دور ہو جاتی ہے بے ضرر ہے۔ ہر عمر اور ہر مزاج کا آدمی استعمال کر سکتا ہے —— ترکیب استعمال :- ایک قرص ایک تولہ بالائی میں ملا کر صبح کو کھائیں۔ قیمت :- سولہ قرصوں کا بکس آٹھ روپے۔

**کشتہ طلا خورد** پرانے بخاروں اور دق میں بکثرت استعمال کرایا جاتا ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ حرارت غریزی کی حفاظت کرتا ہے۔ تبخیر اور نقاہت کو دور کرتا ہے۔ ترکیب استعمال :- ایک قرص خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا چھ ماشے میں ملا کر صبح کو کھائیں۔ قیمت ۱۶ قرصوں کا بکس سات روپے آٹھ آنے۔ فی ماشہ بارہ روپے۔

**کشتہ مروارید** سچے موتیوں کا یہ کشتہ دل کو قوت دینے میں عجیب الاثر ہے۔ اختلاج وحشت و خفقان اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے جسم کے لیے آسانی سے جذب ہونے والا لطیف کیلشیم مہیا کرتا ہے۔ جریان اور سیلان الرحم کی شکایات میں بھی فائدہ مند ہے۔ ترکیب استعمال :- ایک قرص بالائی ایک تولہ یا خمیرہ مروارید ۶ ماشہ میں ملا کر کھائیں۔ قیمت ۱۶ قرصوں کا بکس چھ روپے فی ماشہ دس روپے

**کشتہ نقرہ جدید** کیمیاوی اصولوں پر تیار کیا ہوا چاندی کا یہ کشتہ معدہ جگر کی اصلاح کرتا ہے اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ نسیان کو دور کرتا ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔ ترکیب استعمال :- ایک قرص دواء المسک معتدل جواہر والی ۳ ماشے میں ملا کر روزانہ کھائیں۔ قیمت : بتیس قرصوں کا بکس چار روپے۔ فی تولہ بیس روپے

Marfat.com

**کشتہ مرجان جواہر والا** پرانے نزلہ و زکام میں نہایت مفید ہے۔ دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ حافظہ کو تیز کرتا ہے نزلی رطوبات کی پیدائش کو روکنے میں کامیاب ثابت ہوا ہے۔ ترکیب استعمال: ایک قرص ایک تولہ بالائی یا خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ۶ ماشہ میں ملاکر صبح نہار منہ کھائیں۔ قیمت:- بتیس قرصوں کا بکس دو روپے۔ فی تولہ بارہ روپے

**کشتہ فولاد** انیمیا (خون کی کمی) کو دور کرتا ہے۔ معدہ، جگر اور پٹھوں کو قوت دیتا ہے۔ اس کے استعمال سے خون کے سرخ خلیات (RED CELLS) اور حمرۃ الدم (ہیموگلوبین) میں اضافہ ہو جاتا ہے جس سے چہرہ کی زردی بہت جلد سرخی سے بدل جاتی ہے۔ ترکیب استعمال: ایک قرص جوارش جالینوس ۶ ماشہ میں ملاکر صبح نہار منہ کھائیں۔ قیمت: سولہ قرصوں کا بکس ایک روپیہ ۸ آنے۔ فی تولہ سات روپے

**کشتہ زمرد** مثانہ اور گردوں کی کمزوری کو رفع کرتا ہے۔ پیشاب کی زیادتی اور ذیابیطس کی شکایات میں مفید ہے۔ گردوں کی کمزوری سے باہ کم ہو گئی ہو تو اس کے استعمال سے اپنی اصلی حالت پر آجاتی ہے۔ ترکیب استعمال:- ایک قرص جوارش زرعونی عنبری یا نسخہ کلاں ۶ ماشہ میں ملاکر صبح نہار منہ کھائیں۔ قیمت: تیس قرصوں کا بکس دو روپے۔ فی تولہ بارہ روپے۔

**کشتہ ابرک کلاں** دمہ اور بلغمی کھانسی میں مفید ہے۔ بلغم کی زیادتی اور تنگی تنفس کو دور کرتا ہے۔ ترکیب استعمال:- ایک قرص ایک تولہ شہد میں ملاکر چاٹیں۔
قیمت: تیس قرصوں کا بکس ایک روپیہ۔ فی تولہ تین روپے۔

**کشتہ خبث الحدید** معدہ کو قوت دیتا ہے اور اس کی خراب رطوبات کو جذب کرتا ہے۔ منہ سے پانی بہنے کی شکایت میں بھی مفید ہے۔ جگر کی کمزوری اور خون کی کمی کی شکایت اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ ترکیب استعمال:- ایک قرص جوارش جالینوس ۶ ماشہ میں ملاکر نہار منہ کھائیں۔ قیمت:- ۳۲ قرصوں کا بکس بارہ آنے۔ فی تولہ ایک روپیہ چار آنے

**کشتہ قلعی** جریان، رقت اور سرعت کی شکایت میں مفید ہے۔ ذکاوت حس کو دور کرتا ہے۔ ترکیب استعمال: ایک قرص معجون آرد خرما چھ ماشہ میں ملاکر صبح نہار منہ کھائیں۔ قیمت: چھتیس قرصوں کا بکس نو آنے۔ فی تولہ دو روپے۔

Marfat.com

**کشتہ پوست بیضہ مرغ** ذیابطیس کی شکایت میں مفید ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو دور کرتا ہے اور گردوں کو قوت پہنچاتا ہے۔ ترکیب استعمال:- ایک قرص جوارش مصطگی ۶ ماشہ میں ملاکر صبح نہار منہ کھائیں۔ قیمت: ۲۶ قرصوں کا بکس پندرہ آنے۔ فی تولہ ایک روپیہ چار آنے

## گیسو دراز

یہ تیل بالوں کو ملائم مضبوط اور چمکدار بناتا ہے۔ اس کی دو چار شیشیوں کے استعمال سے بال گھنے اور دراز ہو جاتے ہیں۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتا ہے۔ مخصوص جڑی بوٹیوں کے اجزائے موثرہ کی آمیزش سے تیار کیا جاتا ہے۔ بالوں کی جڑوں (HAIR ROOT) تک جذب ہو کر اپنا عمل کرتا ہے اور دہنی گلٹیوں (SEBACEOUS GLANDS) کے افعال میں باقاعدگی پیدا کرتا ہے۔ بالوں کو گرنے سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کی بھینی بھینی لطیف خوشبو ہر وقت دماغ کو تر و تازہ رکھتی ہے۔ ترکیب استعمال:- تھوڑا سا تیل سر پر مل کر خوب جذب کر دیں۔ قیمت: فی شیشی دو روپے

## لبوب کبیر اجملی

یہ موسم سرما کا مبش بہا تحفہ اجمل اعظم کے خاص نسخے سے تیار کیا جاتا ہے۔ جنرل ٹانک ہے اعصاب کی حفاظت کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ ان غدد کو قوت دیتا ہے جن پر بقائے شباب اور قوت مردمی کا دارومدار ہے۔ گردوں کو گرم رکھتا ہے اور گردوں کی کمزوری کو رفع کرتا ہے۔ ترکیب استعمال: چار ماشہ لبوب عرق ماء اللحم اجملی چار تولے یا پاؤ سیر نیم گرم دودھ کے ساتھ صبح نہار منہ کھائیں۔ قیمت: ۵ تولہ کا پیکنگ چار روپے

**لعوق مسیحی** کھانسی، بخار اور پھیپھڑوں کی خشکی کو دور کرتا ہے سانس کی نالیوں (BRONCHI) کی خشونت کو زائل کرتا ہے۔ پھیپھڑوں کی قوت مدافعت اس کے استعمال سے بڑھ جاتی ہے۔ دق و سل میں مفید ہے۔ نمونیا کے بعد کی کھانسی اس لعوق سے بہت جلد دور ہو جاتی ہے۔ ترکیب استعمال:- رات کو سوتے وقت چھ ماشہ لعوق استعمال کریں۔ قیمت: دس تولہ کا پیکنگ پانچ روپے چار آنے۔

Marfat.com

**لعوق سپستاں** ہر قسم کے نزلہ زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ بلغم کو خارج کرتا ہے۔ ترکیب استعمال:- ایک یا دو تولہ لعوق رات کو سوتے وقت گرم پانی یا عرق گاؤزبان میں ملا کر پئیں۔
قیمت: دس تولہ کا پیکنگ ایک روپیہ آٹھ آنے۔

## مصفی

بہترین مصفی خون ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی جلدی بیماریاں مثلاً پھوڑے پھنسیاں، داد، تر و خشک کھجلی، چہرے کے داغ دھبے، بدن پر مہاسے، رنگت بدلنے وغیرہ اس کے چند روزہ استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ آتشک، سوزاک اور بواسیر کی سمیت کو بھی خون سے خارج کرتی ہے۔ دواخانہ حکیم اجمل خاں کی مشہور و معروف مجرب دوا ہے جس سے لاکھوں مریض فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ ترکیب استعمال:- معمولی خون کی خرابی میں مصفی کی ایک ایک خوراک صبح و شام پئیں۔ اگر مرض شدید ہو تو دو دو خوراکیں دن میں دو تین مرتبہ استعمال کرائیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق نصف خوراک سے ایک خوراک تک دے سکتے ہیں۔ زیادہ مرچوں اور گرم اشیاء سے پرہیز۔ قیمت:- فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے

**معجون طلا اجملی** مشک، عنبر، زعفران، مروارید، ورق طلا، ورق نقرہ، جواہرات اور قیمتی دواؤں کی آمیزش سے تیار کی ہوئی یہ معجون صرف امراء کے لیے مخصوص تھی مگر آج ہر شخص اس معجون سے استفادہ کر سکتا ہے۔ معجون طلا دل دماغ اور جگر کو طاقت دیکر تمام جسمانی قوتوں کو بڑھاتی ہے، باہ کو زیادہ کرتی ہے اور خون میں سرخ ذرات (RED CELLS) کا اضافہ کرتی ہے۔ ترکیب استعمال:- ۲ ماشہ معجون طلا پاؤ سیر نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔
قیمت: ایک تولہ کی شیشی دس روپے۔

**معجون مقوی و ممسک** وقتی امساک اور قوت کے لیے بے نظیر چیز ہے۔ عوام میں یہ معجون فلک سیر کے نام سے مشہور ہے۔ رقت اور سرعت کو بھی دور کرتی ہے۔ ترکیب استعمال:- مجامعت سے دو گھنٹے قبل ایک ماشہ معجون پاؤ سیر نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں اور اس دوران میں کوئی غذا نہ استعمال کریں۔ قیمت: ایک تولہ کی شیشی دو روپے

**معجون مفرح الارواح** محرک، مقوی باہ ہے۔ قلب، جگر، دماغ و اعصاب کی کمزوری کو دفع کرتی ہے۔ حرارت غریزی اور ارواح ثلاثہ (روح طبعی، روح حیوانی، روح نفسانی) کی محافظ ہے۔ مادۂ تولید میں اضافہ کرتی ہے۔ جسمانی تھکن اور دل و دماغ کی کمزوری دور کر کے چستی اور کارکردگی کی قوت کو بڑھاتی ہے۔ ترکیب استعمال ایک ماشہ معجون رات کو سوتے وقت ایک کپ گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ قیمت:- فی تولہ دو روپے آٹھ آنے۔
پرہیز بادی و ثقیل اشیاء اور ترشی سے۔

Marfat.com

**معجون حمل عنبری علویخاں** ہزارہا عورتیں ایسی ہیں جن کا حمل رحم کی کمزوری کی وجہ سے بار بار ساقط ہو جاتا ہے یا اتفاق سے اگر حمل قرار پا بھی جائے تو بچہ اس قدر کمزور ہو جاتا ہے کہ شیر خواری کے زمانے ہی میں ام الصبیان وغیرہ جیسے امراض میں مبتلا ہو کر فوت ہو جاتا ہے۔ یہ معجون ایسی خواتین کے لیے ایک بے بہا نعمت ہے۔ یہ رحم کے عضلات کو مضبوط کرتی ہے۔ رحم میں استقرار حمل اور بچہ (جنین) کی بخوبی پرورش کی صلاحیت پیدا کرتی ہے حکیم نانی کی مایہ ناز دواؤں میں سے ہے۔ ترکیب استعمال۔ حمل کے تیسرے مہینہ سے نویں مہینہ تک یعنی پانچ ماہ مسلسل چھ ماشہ معجون ایک کپ نیم گرم دودھ کے ساتھ صبح نہار منہ کھائیں۔ گرم چیزوں سے پرہیز رکھیں۔ اگر صرف رحم کی کمزوری کے لیے استعمال کرنی ہو اور اسقاط وغیرہ کا عارضہ نہ ہو تو چالیس دن برابر استعمال کر کے چھوڑ دیں۔ قیمت: بیس تولہ کا پیکنگ دس روپے چھ آنے۔

**معجون لقرہ خاص** خفقان، اختلاج، ضعف جگر، ضعف دماغ و نسیان وغیرہ سے نجات دلاتی ہے۔ دماغ کے قشری چھلکے (CEREBRAL CORTEX) کے قدرتی تناسب کو بحال کر کے عقل اور حافظہ کو بڑھاتی ہے۔ عضلۃ القلب اور خانہائے قلب (HEART CHAMBERS) کے ایصالی نظام (CONDUCTIVITY) کی خرابیوں کو رفع کر کے قلب کے ملبے قاعدہ انقباضات کو روکتی ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے قلب کو جو نقصان پہنچتا ہے۔ اس کی تلافی بھی کرتی ہے۔ ترکیب استعمال: چھ ماشے معجون ایک پاؤ نیم گرم دودھ کے ساتھ صبح نہار منہ کھائیں۔ قیمت: پانچ تولہ کا پیکنگ دس روپے۔

**معجون مغلظ جواہر والی** جریان ورقت کی شکایت میں مفید ہے۔ مادۂ تولید کو گاڑھا کرتی ہے اعضائے رئیسہ کو قوت پہنچاتی ہے۔ غدۂ قدامیہ (پراسٹیٹ گلینڈ) اور اوعیۂ منی (SEMINAL VESICLES) کو قوی کرتی ہے۔ ترکیب استعمال: نو ماشے معجون ایک پاؤ نیم گرم دودھ کے ساتھ صبح نہار منہ کھائیں۔ قیمت: دس تولہ کا پیکنگ تین روپے بارہ آنے

**معجون جوگراج گوگل** بلغمی امراض، لقوہ، رعشہ، فالج اور گٹھیا میں مفید ہے۔ ترکیب استعمال چھ ماشے معجون صبح نیم گرم پانی سے کھائیں۔ قیمت: دس تولہ کا پیکنگ دو روپے بارہ آنے

Marfat.com

**معجون اذاراقی** فالج، لقوہ، رعشہ، وجع المفاصل، اختلاج (اعضا کا پھڑکنا)، معدہ و جگر کے بلغمی امراض میں نہایت مفید ہے۔ اعصاب کو قوت دیتی ہے، باہ بڑھاتی ہے۔ بوڑھوں کو سردی سے بچاتی ہے۔ **ترکیب استعمال**:- ایک ماشہ سے دو ماشے تک صبح ناشتہ کے فوراً بعد کھائیں۔ **قیمت**: پانچ تولے کی شیشی دو روپے۔

**معجون سپاری پاک** مشہور مرکب ہے۔ رحم کی کمزوری کو دور کر کے سیلان الرحم کی شکایت سے نجات دلاتی ہے۔ عام کمزوری کو رفع کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے کمر، پنڈلیوں کا درد موقوف ہو جاتا ہے۔ **ترکیب استعمال**:- نو ماشہ معجون پاؤ سیر نیم گرم دودھ کے ساتھ صبح نہار منہ کھائیں۔ **قیمت**: دس تولہ کا پیکنگ دو روپے بارہ آنے۔

**معجون فلاسفہ** سلسل البول (پیشاب کا بار بار آنا) وجع المفاصل (جوڑوں کا درد) اور درد کمر کی شکایت میں مفید ہے۔ باہ کو بڑھاتی ہے۔ گردوں اور مثانہ کی کمزوری و سردی کو رفع کرتی ہے۔ **ترکیب استعمال**: چھ ماشے معجون صبح یا رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ کھائیں۔ **قیمت**: دس تولے کا پیکنگ دو روپے بارہ آنے۔

**معجون سورنجان** وجع المفاصل (جوڑوں کا درد) عرق النساء (لنگڑی کا درد) نقرس (ٹخنے اور پاؤں کے انگوٹھے کا درد) میں مفید ہے۔ خون کی خرابیت کو دور کرتی ہے۔ بلغمی رطوبات اور فاسد مادوں کو جسم سے خارج کرتی ہے۔ **ترکیب استعمال**:- ایک تولہ معجون رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ کھائیں۔ **قیمت**: دس تولہ کا پیکنگ دو روپے بارہ آنے۔

**معجون راحت المومنین** پرانی کھانسی اور ضیق النفس (دمہ) میں نفع بخش ثابت ہوئی ہے دمہ کی وجہ سے جو خفقانی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اسے دور کرتی ہے اور باہ میں اضافہ کرتی ہے۔ **ترکیب استعمال**:- تین تین ماشے صبح و شام پانی سے کھائیں۔ **قیمت**:- دس تولہ کا پیکنگ دو روپے بارہ آنے۔

**معجون دبید الورد** جگر کی کمزوری، سوء القنیہ اور جگر کے ورم کو دور کرتی ہے۔ استسقا کی تینوں قسموں (زقی، لحمی، اور طبلی) میں مفید ہے۔ بوڑھوں کے یرقان کو رفع کرتی ہے۔ **ترکیب استعمال**:- چھ چھ ماشہ معجون عرق مکو بارہ تولے کے ساتھ صبح و شام کھائیں۔ **قیمت**: دس تولہ کا پیکنگ دو روپے بارہ آنے۔

Marfat.com

**مفرحین اکبلی** معدہ کی تبخیر اور جگر کی حدت کو دور کرتی ہے۔ ہاتھ پاؤں میں سے گرمی نکلنے کی شکایت مفرحین کے استعمال سے جاتی رہتی ہے۔ پرانی پیچش میں بھی یہ دوا فائدہ مند ہے۔ معدہ اور آنتوں کے عضلی طبقات (مسکولر کوٹ) کے ڈھیلے پن اور کمزوری کو دور کرتی ہے۔ ترکیب استعمال: دو قرص صبح دو قرص شام کو پانی سے کھائیں۔ قیمت: تیس قرصوں کا بکس تین روپے۔

**مفرح جمیل** مسیح الملک حکیم جمیل خانصاحب رئیس اعظم دہلی نے اس مفرح کا نسخہ خاص طور پر کیمیا مرتب فرمایا ہے یہ خفقان، وحشت، گھبراہٹ، بے چینی اور مراق کو دور کرتی ہے۔ دماغ کو قوت دیتی اور دل کو فرحت پہنچاتی ہے۔ عضلۃ القلب (MYOCARDIUM) اور صمامات قلب (CARDIAC VALVES) کو قوت پہنچانے میں بے مثال ہے۔ ترکیب استعمال: تین ماشہ مفرح صبح و شام پانی سے کھائیں۔ قیمت ۵ تولہ کا پیکنگ پانچ روپے

**مفرح شیخ الرئیس** خفقان، وحشت، گھبراہٹ اور ہائی بلڈ پریشر میں اس کا استعمال نہایت مفید ہے۔ اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ گرم مزاج والوں میں خاص طور پر فائدہ مند ہے۔ ترکیب استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام پانی سے کھائیں۔ قیمت پانچ تولہ کی شیشی دو روپے بارہ آنے۔

**مفرح یاقوتی معتدل جواہر والی** بہترین مفرح ہے۔ دل دماغ اور جگر کو قوت پہنچاتی ہے۔ خفقان مراق اور وہم کو دور کرتی ہے۔ ترکیب استعمال: تین ماشہ صبح و شام پانی سے کھائیں۔ قیمت: ۵ تولہ کا پیکنگ ۵ روپے


**مرہم عجیب** خارش خشک و تر اس مرہم کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ اس مرض کیلئے یہ مرہم مجرب آزمودہ ہے۔ گرمی [illegible] کی شکایت میں بھی فائدہ مند ہے۔ ترکیب استعمال: کارچہ مرہم کے ہمراہ [illegible]

**مرہم داخلیون** [illegible] خنازیری گلٹیوں اور رسولیوں کو تحلیل کرتا ہے۔ ترکیب استعمال: [illegible] روغن گل ملا کر دایہ کے ذریعے استعمال کرائیں رسولیوں اور گلٹیوں پر [illegible] کریں۔ قیمت: دس تولہ کا پیکنگ دو روپے بارہ آنے۔

**نوشدارو لولوی**۔ جگر، معدہ اور آنتوں کو قوت پہنچاتا ہے۔ معدہ کی تبخیری کیفیت کو رفع کرتا ہے۔ آنتوں یا معدہ کی کمزوری کی وجہ سے دست آتے ہوں تو اس کے استعمال سے بند ہو جاتے ہیں۔ ترکیب استعمال: چھ ماشہ صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔ قیمت:۔ دس تولہ کا پیکنگ پانچ روپے۔

**نمک مرکانگ** کثرت ریح، پیٹ کی گرانی اور درد اور نفخ کو دور کرتا ہے۔ ہاضم ہے۔ خوب بھوک لگاتا ہے۔ ترکیب استعمال: ایک قرص دو ماشہ جوارش پیلسیا، تمو جوارش جالینوس میں ملا کر کھائیں قیمت: ۳۲ قرصوں کا تکیہ ایک روپیہ۔

Marfat.com



Hearts Delight
Hearts Delight Cem
BM 98.4
BM 112.3
MCB 3I GATE
GP-38
GP 38 GATE
GP 31
LZ HERON
GDR GATE
MCB 3H GATE
MCB 3G GATE
OP-13 GATE
R-9 GATE
GP-41
R-9
BM 115.7
MCB 3F GATE
MCB 6C GATE
OP-15
R-10
R-BA
LZ EGRET
R-9A (AATR)
MOUT RANGES 1-5
MCB 5 FARM GATE
LZ GOSHAW
LZ PARROT
MOUT A GATE
MOUT B GATE
LZ TURKEY
LZ KIWI
LZ CARDINAL
LZ CHICKADEE
R-11 GATE
MCB 5B GATE
LZ BLUEJAY
MCB 6D GATE
MCB 6E GATE
MCB 3E GATE
DAVID CROSSROADS
LZ BUZZARD
LZ PELICAN
613A GATE
645B GATE
613B GATE
LZ CHICKEN
MCB 6F GATE
PRINCE WILLIAM CO
STAFFORD CO
617 GATE
MCB 3D GATE
LZ-WR


Marfat.com